نمبر ۲۶-۲۷ قادیان دارالامن والامان مورخہ ۶ و ۱۳ ستمبر ۱۸۹۸ء جلد (۲)

ٹریکٹ سیریز

اس امر کی ضرورت محسوس جاتی ہے۔ کہ وقتاً فوقتاً ایسے ٹریکٹ شائع ہوں۔ جس سے حضرت اقدس سیدنا مرزا صاحب کے مشن کی تبلیغ ہو۔ اور اسلام کی خوبیاں ظاہر ہوں۔ چنانچہ اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہم نے یہ التزام کیا ہے۔ کہ اس سلسلہ دلچسپ نظمیں جو صداقت اسلام اور مہدی مسعود کے مشن کے پیام پر مشتمل ہوں۔ اور جناب مولانا مولوی عبد الکریم صاحب کے خطبہ اور بعض دیگر لطیف مضامین مشتمل بر تفسیر آیات یا مشتمل بر رفع اعتراضات مخالفان اسلام وغیرہ۔ اور حضرت اقدس سیدنا مرزا صاحب کی بعض لطیف اور مختصر تقریریں شائع کی جاویں۔ یہ ٹریکٹ چار صفحہ سے آٹھ صفحہ تک ضخامت میں ہوا کریں۔ اور اگر ہمارے احباب ذرا توجہ کریں تو بکثرت شائع ہو جایا کریں۔ اگر سو آدمی بھی اس سلسلہ کے مؤید ہو جائیں اور سو سو ٹریکٹ ۸ فی صدی کے حساب سے خرید یں۔ تو دس ہزار ٹریکٹ ایک مہینے میں شائع ہو سکتا ہے۔ اور ہم ہفتہ وار اڑھائی ہزار چھاپ کر مفت تقسیم کر دیا کریں۔ اور تقسیم کے لئے یہ انتظام کیا جاوے گا۔ کہ ہر ایک شہر میں سلسلہ وار ایک خاص تعداد بھیج دی جایا کرے۔ اور وہ تقسیم ہو جایا کرے۔ اسی ٹریکٹ سیریز کے ضمن میں حضرت اقدس سیدنا مرزا صاحب کے اشتہار بھی آجایا کریں گے۔ اور علیحدہ اشتہار حضرت اقدس کو چھپوانا نہ پڑیگا۔ بلکہ اس کو ٹریکٹ سیریز کے نمبر میں چھاپ کر حضرت کی طرف سے تقسیم کر دیں۔ اگر ہمارے احباب مل ملا کر اس کام کو کرنا چاہیں تو چنداں مشکل نہیں پوری سو درخواستیں جمع ہو جانے پر ہم اس سلسلہ کو شروع کریں گے۔ مینیجر الحکم کے نام درخواست

اپنے بھائیوں کیلئے

بالکل کھرا سودا

اگر کسی قسم کا نقص ہو یا کسی قسم کا خسارہ معلوم ہو۔ فوراً واپس کرو۔ اس سے بڑھ کر خوش معاملگی اور کھرا سودا کیا ہو گا۔

مندرجہ ذیل اشیا ہماری معرفت مل سکیں گی۔

۱۔ زیورات چاندی و سونا۔ ہر قسم صرف ۱ر سینکڑہ کمیشن لی جاوے گی۔

۲۔ ریشمی ازار بند۔ پراندے۔ تسبیح بند وغیرہ ہر قسم اور ہر قیمت کے۔

ازار بند ۸ر سے لے کر ۲ تک
پراندے ۴ر سے لے کر ۲ تک
تسبیح بند ۱ سے لے کر ۲ تک

۳۔ زیورات میں ڈوڑے جس قسم کے چاہیں۔ ڈال دیئے جاویں گے۔

۴۔ دریائی کا ہر ایک قسم کا کام

۵۔ ہر ایک چیز ساختہ امرتسر براہ بیعہ کمیشن لے کر روانہ ہو سکے گی۔

ہمارے بھائی اس کارخانہ کو اپنا کارخانہ سمجھیں اور باہمی فائدہ کے لئے کھولا گیا ہے۔ درخواست پر نام اور پتہ صاف اور خوشخط تحریر ہو۔ ڈاکخانہ یا قریب کے سٹیشن کا نام ضرور ہو۔ درخواستیں اس پتہ پر آئیں۔

غلام محمد والد بخش علاقہ بند مالکان
احمدیہ ایجنسی کٹرہ باگھ سنگھ ہاتھی دروازہ امرتسر (پنجاب)

بیوی نے اوسے گھر سے نکال دیا۔ اور اوسکا سارا مال رکھ لیا پھر اللہ تعالیٰ نے اوسے حکم دیا کہ خواہ وہ کچھ کہے تم اوسکے گھر چلی جاؤ۔ پس وہ چلی گئی جب لڑکا تولد ہوا تو پہلی بیوی نے حضرت ابراہیم سے کہا کہ بیٹے تم سے اقرار لیا ہوا ہے۔ کہ جو میں کہوں اوسے تم پورا کرو۔ پس ان ماں بیٹے کو ایسے جنگل میں چھوڑ آؤ جہاں نہ دانہ ہو نہ پانی ہو نہ سبزی وہ اوسے ایک جنگل میں پہونچانے کیواسطے لے گئے جب وہاں چھوڑا تو ہاجرہ نے پوچھا تم یہاں ہمکو کس کے حکم سے چھوڑ چلے ہو حضرت ابراہیم نے کہا اللہ کے حکم سے ہاجرہ بولی اب جاؤ اب ہم تمہاری کچھہ پرواہ نہیں کرتے تھوڑا سا پانی اونکے پاس تھا جب وہ خرچ ہوگیا تو بچے کو پیاس لگی۔ ماں کا دودھ خود پیاس کے سبب سے خشک ہوگیا تھا پس بچہ شدت بھوک پیاس سے زمین پر ایڑیاں مارنے لگا۔ گویا بھوک پیاس سے اب اوسکی جان نکلتی ہے۔ اوسکی والدہ نے بڑے صبر سے کام لیا۔ پھر وہ ایک پہاڑی پر گئیں جس کا نام صفا ہے حاجی لوگ اوس جگہ کو خوب جانتے ہیں اور لگی پہاڑیوں پر اِدہر اُدہر دوڑنے کہ شاید کوئی بستی یا گاؤں نظر آوے مگر جب ناامید ہوکر واپس آئیں تو دیکھا کہ بچے کے پاؤں کے نیچے سے آب زمزم جاری ہے پھر وہاں ایک قافلہ آیا اوسنے کہا کہ اگر کہو تو یہاں ایک سرائے بنالیں اونہوں نے کہا کہ پانی کی سرداری میری رہی پس اللہ تعالیٰ نے اوس مقام پر اوس مقدس شہر کو آباد کیا جسکا نام مکہ ہے اور جہاں آج ساری دنیا کے مسلمان حج کو جاتے ہیں۔

دیکھو یہ سب کچھ صبر ہی کا نتیجہ تھا سنو جس گھر میں کوئی مصیبت یا تکلیف آتی ہے اللہ تعالیٰ وہاں اپنے فرشتوں کو بھیجتا ہے کہ جو کچھہ گھر والے کہیں تم ساتھ آمین کہو پس جو عورت بے صبری سے کلمات زبان پر لاتی ہے اگر اوسکے ساتھ اللہ تعالیٰ کے فرشتے آمین کہدیں اور وہ دعا منظور خدا ہو جاوے تو اوس عورت کا کیا حال ہو۔ ایسی بے صبریوں میں کوئی آنکھیں کھو بیٹھتی ہے کوئی ہاضمہ بگاڑ لیتی ہے۔ کسی کا سر خراب ہو جاتا ہے غرض طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہو جاتی ہیں پس بڑے صبر سے کام لو۔ کاش میری بیویاں بھی میرے کہنے پر بتمامہ عمل کرتیں تو میں اونکو اوس سے کہیں زیادہ محبت کرتا جو اب کرتا ہوں۔

پھر میں دیکھتا ہوں کہ انسان جس دنیا اور مال و اولاد کی خاطر ایسی ایسی تکلیفیں اٹھاتا ہے انہیں سے کوئی ایک بھی اوسکی مصائب میں حصہ نہیں لے سکتا۔ ذرا پیٹ میں درد ہو تو اوسکے بٹانیوالا کوئی نہیں۔ غور کرو مجھے حضرت مرزا صاحب نہایت ہی پیارے ہیں۔ جنکے لئے ملک۔ وطن۔ نوکریاں۔ زمین۔ ہر قسم کے ذرائع تحصیل مال و منال۔ انکے حضور خاص رہنے کی خاطر چھوڑیں ہیں۔ اگر کہیں جاتا بھی ہوں تو صرف انکے حکم کی تعمیل ہوتی ہے۔ اور بھی یہاں تک مجھے وہ پیارے ہیں کہ اگر میرے پچاس بیٹے ہوں تو میں اونکے ایک بیٹے پر اون پچاس کو قربان کردوں لیکن غور کرو جب مجھے کوئی دُکھ درد۔ تکلیف پہونچتی ہے۔ وہ بھی۔ بجز رضاء الٰہی کے ہرگز ہرگز۔ میرے دکھ درد۔ کا حصہ نہیں لے سکتے۔ پس اللہ تعالیٰ ہی سے مدد مانگو اور صبر اور استقلال سے کام لو۔ اوسکی رضاء پر راضی ہو جاؤ۔ اور قرآن کریم پر عمل کرو۔

اللہ تعالیٰ مجھکو اور تم کو قرآن کریم پر عمل کرنے کی توفیق دے اگر کوئی مجھ پر کسی ایسے کلمہ سے جسکے ساتھ اوسکی دل آزاری ہوئی ہو ناراض ہوئی ہو تو وہ معاف کرے کیونکہ میں نے صرف درد دل اور اللہ تعالےٰ کے احکام پہونچانے کی خاطر سچی ہمدردی کی یہہ باتیں کہی ہیں۔

ڈومسٹیک

میں بڑی خوشی ظاہر کرتا ہوں کہ میرے مکرم دوست **بابو محمد افضل صاحب** کلرک ممباسہ (افریقہ) کے گھر میں بتاریخ ۲۱ اگست ۱۸۹۸ء بیٹا پیدا ہوا خدا تعالیٰ مولود مسعود کو دینی اور دنیوی برکتوں سے بہرہ مند کرے۔ آمین

مجھے شملہ سے مسرت افزا خبر ملی ہے کہ میرے مخدوم **منشی نبی بخش صاحب** کمپازیٹر کے ہاں بھی فرزند تولد ہوا۔ اللہ تعالیٰ مولود مسعود کو اپنے دین کا سچا خادم بنادے اور اوسے دینی اور دنیوی برکتوں سے بہرہ اندوز کرے اور والدین کے لئے قرۃ العین ثابت ہو کر عمر طبعی تک پہونچے۔ آمین

میں اس امر کو بھی خوشی کے ساتھ ظاہر کرنا چاہتا ہوں کہ منشی صاحب نے **الحکم** کی تحریر پر توجہ فرماکر اس مبارک تقریب پر عـہ روپیہ بغرض عقیقہ مسنونہ حضرت اقدس کی خدمت میں روانہ فرمائے ہیں میں امید کرتا ہوں کہ ناظرین اس مبارک امر کیطرف بہت توجہ کریں گے۔

(ایڈیٹر)

بچوں کا صفحہ

(کہانیوں کے پیرایہ میں دینی تعلیم)

میرے مخدوم و امام زادہ حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد سلمہ اللہ الاحد نے بہ تسلسل گفتگو فرمایا کہ حضرت اقدس سیدنا امام الزمان سلمہ الرحمان کبھی کبھی گھر میں وعظ فرمایا کرتے ہیں خصوصاً بڑھیوں میں تو ہر روز۔ اس لئے میں بچوں کے صفحہ کے لئے حضرت اقدس کی باتوں سے جو مجھے یاد رہا کریں گی اخبار الحکم کے لئے لکھوا دیا کرونگا تاکہ مسلمانوں کے بچے اوس سے فائدہ اٹھاویں۔ اللہ تعالیٰ اس نونہال کی عمر میں برکت دے اور اوسے اپنے برکات و افضال کا مورد بناوے اور انکو حسب وعدہ توفیق دے کہ وہ اپنے اس نیک ارادہ میں کامیاب ہوں میرے ناظرین بھی صاحبزادہ صاحب کے لئے دعا کریں جنکے طفیل اونکو اور اونکے بچوں کو یہ نعمت عظمیٰ ملے گی۔ (ایڈیٹر)

گنجے اور اندھے کی کہانی

ایک گنجا اور ایک اندھا تھا۔ خدا کا فرشتہ متشکل ہوکر گنجے کے پاس آیا اور اوس سے پوچھا تو کیا چاہتا ہے تو گنجے نے کہا میرے سر کے بال ہوجاویں اور مال دولت ہوجاوے چنانچہ فرشتہ نے گنجے کے سر پر ہاتھ پھیرا تو خدا کی قدرت سے اوسکے سر پر بال بھی نکل آئے اور مال دولت نوکر چاکر بھی مل گئے۔ پھر اندھے کے پاس آیا۔ اور اوس سے پوچھا تو کیا چاہتا ہے؟ اندھے نے کہا کہ میری آنکھیں روشن ہوجاویں تو میں ٹکریں کھاتا نہ پھروں اور روپیہ پیسہ ملجاوے تو کسی کا محتاج نہ رہوں فرشتہ نے اوسکی آنکھوں پر ہاتھ پھیرا تو وہ روشن ہوگئیں اور مال دولت بھی مل گیا۔

پھر وہی فرشتہ خدا تعالیٰ کے حکم سے اندھے اور گنجے کی آزمائش کو ایک فقیر کے بھیس میں آیا۔ اور گنجے کے پاس جاکر سوال کیا۔ گنجے نے ترشروئی سے جواب دیا اور جھڑک دیا اور کہا کہ چل تیرے جیسے بہت فقیر پھرتے ہیں فرشتہ نے اوسکے سر پر ہاتھ پھیر دیا اور پھر وہ گنجے کا گنجا ہی ہوگیا اور سب مال دولت جاتا رہا اور پھر ویسا ہی تنگ حال ہوگیا پھر وہی فرشتہ فقیر کی شکل میں اندھے کے پاس آیا جو اب بڑا دولتمند اور بینا ہوگیا تھا اور سوال کیا اوسنے کہا کہ سب کچھ اللہ تعالیٰ ہی نے دیا ہے اور اُسکا مال ہے تم لے لو۔ اس پر پھر اللہ تعالیٰ نے اندھے کو اور بھی مال دولت دیا۔

نتیجہ

پس اے عزیز بچو تم ہی یاد رکھو کہ خدا تعالیٰ کی دی ہوئی نعمتوں کا شکر کرو اور اوسکی قدر کرو۔ اور سوالی کو جھڑکی نہ دو۔ خیرات کرنا اچھی بات ہے اور سوالی کو دینا چاہیے۔ اس سے خدا خوش ہوتا ہے اور نعمت زیادہ کرتا ہے۔

ایک بزرگ اور چور کی کہانی

"اللہ پر بھروسہ کرو اور تقویٰ اختیار کرو"

حضرت میرزا بشیر الدین محمود احمد سلمہ اللہ الاحد نے فرمایا کہ جناب امام ہمام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ۵ ستمبر ۱۸۹۸ء کو بعد نماز عصر میری درخواست پر مجھے مندرجہ ذیل کہانی سنائی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ پر توکل اور بھروسہ کرنا اور سچا تقویٰ انسان کو اس قابل بنا دیتا ہے کہ خدا تعالیٰ خود اوسکا کفیل ہوجاتا ہے اور ایسے طور پر اسکی ضرورتوں کو پورا کرتا ہے کہ کسی کو خبر بھی نہیں ہوتی چنانچہ حضرت نے (یعنے حضرت قبلہ امام) نے فرمایا کہ ایک بزرگ کہیں سفر میں جارہے تھے اور ایک جنگل میں انکا گذر ہوا۔ جہاں ایک چور رہتا تھا اور جو ہر آنے جانے والے مسافر کو لوٹ لیا کرتا تھا اپنی عادت کے موافق اوس بزرگ کو بھی لوٹنے لگا۔ بزرگ موصوف نے اوسے فرمایا کہ وفی السماء رزقکم وما توعدون۔ تمہارا رزق آسمان پر موجود ہے تم خدا پر بھروسہ کرو اور تقویٰ اختیار کرو۔ چوری چھوڑ دو خدا تعالیٰ خود تمہاری ضرورتوں کو پورا کردیگا۔ چور کے دل پر اثر ہوا اوسنے بزرگ موصوف کو چھوڑ دیا اور اونکی بات پر عمل کیا یہانتک کہ سونے چاندی کے برتنوں میں اوسے عمدہ عمدہ قسم کے کھانے ملنے لگے وہ کھانے کھاکر برتنوں کو اپنی جھونپڑی کے باہر پھینکدیتا۔ اتفاقاً پھر وہی بزرگ کبھی ادھر سے گذرے۔ تو اوس چور نے جو اب بڑا نیک بخت اور متقی ہوگیا تھا اُس بزرگ سے ساری کیفیت بیان کی اور کہا کہ مجھے کوئی اور آیت بتلاؤ۔ تو بزرگ موصوف نے فرمایا کہ "فورب السماء والارض انہ لحق" یہ پاک الفاظ سن کر اوس پر ایسا اثر ہوا۔ کہ خدا تعالیٰ کی عظمت و جلال کا خیال کرکے تڑپ اٹھا اور اوسی میں جان دیدی۔

بچو! تم نے دیکھا کہ خدا تعالیٰ پر بھروسہ کرنے سے کیا نعمتیں ملتی ہیں اور تقویٰ اختیار کرنے سے کیسی دولت نصیب ہوتی ہے۔ دیکھو وہ خدا تعالیٰ جو زمین اور آسمان کے رہنے والوں کی پرورش کرتا ہے کیا اوسکے ہونے میں کوئی شک ہوسکتا ہے؟ وہ پاک اور سچا خدا ہی ہے جو ہم تم سبکو پالتا پوستا ہے۔ پس خدا ہی سے ڈرو۔ اوسی پر بھروسہ کرو۔ اور نیک بختی اختیار کرو۔

فٹ نوٹ۔ مجھے معلوم ہے کہ پچھلے قحط کے دنوں میں میرے مخدوم و امام (صلوٰۃ اللہ وسلامہ) نے اپنی جماعت کی حالت پر خیال تھا کہ اسمیں بہت عیال دار اکثر غریب ہیں انکو بڑی مشکلات پیش آئیں گی جس پر حضور کو الہام ہوا۔ فورب السماء والارض انہ لحق۔ میرے بالغ خرد ناظرین اس سے استنباط کرسکتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ پر سچا بھروسہ ہر مصیبت میں راحت دیتا ہے۔ اور خدا تعالیٰ کی ذات پر سچا ایمان تربیت کامل کا ذریعہ بنتا ہے۔ (ایڈیٹر)

حباب حیات

جناب مولانا مولوی نور الدین صاحب سلمہ ربہ کی نیک اختر کے انتقال پر یوں تو بہت سے تعزیت نامے اٹے اور آرہے ہیں مگر جو تعزیت نامہ بکرم محسن و مخدوم مولانا مولوی محمد احسن صاحب امروہی نے لکھا ہے وہ اس قابل ہے کہ اوسے اخبار میں چھاپ دیا جاوے اس لئے ذیل میں اوسے بلا کم و کاست شائع کرتا ہوں ناظرین پڑھ کر حیات مستعار کی کیفیت پر غور کریں۔ (ایڈیٹر)

انا للہ وانا الیہ راجعون

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قل الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

مولانا المکرم حضرت حکیم الامۃ جناب حکیم نور الدین صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ برکاتہٗ

مالی وللدنیا وما انا والدنیا الا کراکب استظل تحت شجرۃ ثم راح وترکھا رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ۔ دنیا کا ماحصل میرے لئے کیا ہے اور نہیں ہوں میں اور دنیا مگر مانند ایک مسافر سوار کی کہ سایہ میں آرام کیا اوس نے پھر وہ اوس درخت کو چھوڑ کر چلا گیا روایت کیا اوسکو احمد ترمذی اور ابن ماجہ نے۔ ؎ وایں چمن کہ بہار و خزان ہم آغوش است۔ زمانہ جام بدست و جنازہ بردوش است۔ یہ ہیچمدان دربارہ تعزیت دختر نیک اختر جناب والا کے کیا عرض کر سکتا ہے کہ حکمت بلقمان آموختن ہے مگر ہاں جسطرح پر کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعض صحابہ سے قرآن مجید کا سننا پسند فرماتے تھے اسی طرح پر آپکی جناب میں دو آیتیں قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہوں اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم انما مثل الحیوۃ الدنیا کماء انزلناہ من السماء فاختلط بہ نبات الارض مما یاکل الناس والانعام حتی اذا اخذت الارض زخرفہا وازینت وظن اھلھا انھم قادرون علیھا اتاھا امرنا لیلا او نھارا فجعلناھا حصیدا کان لم تغن بالامس کذالک نفصل الایات لقوم یتفکرون۔ دنیا کی زندگی کی مثل ایسی ہے جیسا کہ (بیان ہوتا ہے) ہمنے پانی اوتارا آسمان سے پھر بسبب اوس پانی کے زمین کا سبزہ مل نکلا جسکو کھاتے ہیں آدمی اور چوپایے (بڑھتا رہا) یہاں تک کہ جب پکڑا زمین نے اپنی رونق اور بہت گو اور گمان کیا اہل اوسکے نے کہ ہم قابو اور قدرت رکھنے والے ہیں اُس پر پہونچا اسکو حکم ہمارا رات کو یا دن کو پس کر ڈالا ہمنے اوسکو کٹا ہوا ڈھیر گویا کہ کل یہاں کچھ زمین تھی ہی نہیں اسی طرح پر ہم اپنی آیات کی تفصیل کرتے اوس قوم کے جو دھیان اور فکر کرتی ہے۔ سباق اور سیاق آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ مثل اون باغیوں کے حق میں ہے جو دنیا کی فریبوں میں مغرور ہو کر اپنے رب اور مولائ حقیقی سے دور و مہجور ہو جاتے ہیں کما قال اللہ تعالیٰ فی سباقہا انما بغیکم علی انفسکم متاع الحیوۃ الدنیا سوائے اسکے نہیں کہ تمہاری شرارت اور بغاوت کا وبال و نکال تمہارے ہی نفسوں پر ہے برت لو مثل متاع دنیا کی فنعوذ باللہ من ان نکون مصداق ھذا المثل بل نرجو من اللہ ان نکون مصداق سیاق الآیۃ اعنی للذین احسنوا الحسنی وزیادہ ولا یرھق وجوھھم قتر ولا ذلۃ اولئک اصحاب الجنۃ ھم فیھا خالدون واسطے اون لوگوں کے جنہوں نے نیکیاں کیں بدلہ نیک ہے اور کچھ زیادتی ہے اور نہ چڑھیگی اونکے موہنوں پر سیاہی اور نہ رسوائی وہ لوگ جنت والے ہیں وہ اوسمیں ہمیشہ رہا کرینگے۔ آیت دوم ثم اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم و بشر الصابرین الذین اذا اصابتھم مصیبۃ قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون اولئک علیھم صلوات من ربھم ورحمۃ واولئک ھم المھتدون۔ اور خوش خبری دی تو اون صبر کرنے والونکو کہ جب پہونچتی ہے اونکو کوئی مصیبت کہتے ہیں وہ کہ تحقیق ہم اللہ کا مال ہیں اور تحقیق ہم اسکی طرف پھر جانیوالے ہیں یہی لوگ ہیں کہ اون پر رحمتیں نازل ہوتی ہیں انکے رب کی طرف سے اور بڑی رحمت اور ترقی ہے اور وہی لوگ ہیں راہ پر۔ اس آیت میں صلوات کو جمع کیا گیا ہے باوجودیکہ صلوٰۃ جب اللہ کیطرف منسوب ہوتی ہے تو اوس سے بھی رحمت ہی مراد ہوتی ہے لہذا بضرورت تکرار لازم آتا ہے وہ غیر مناسب بفصاحت القرآن مگر کہا جاوے کہ لفظ رحمت کا لفظ صلوات کی تاکید کے واسطے ہے تو لفظ مفرد کا لفظ جمع کی تاکید کے لئے آنا ہی غیر مناسب ہے علاوہ یہ کہ التاسیس خیر من التاکید مسئلہ مسلمہ ہے پس مناسب ہے کہ لفظ صلوات سے وہ رحمتیں مراد ہوں جو متعلق آخرت کے ہیں کہ وہ کثیرہ ہیں اور صیغہ جمع کا اوسکے مناسب ہے اور لفظ رحمۃ سے مفرد ہے اور مُنوّن بہ تنوین تعظیمی مراد وہ رحمت عظیمہ ہو جو دنیا ہے میں بطور نعم البدل کے ایسے صابروں کو مرحمت ہوتی ہے کیونکہ ایسے صابروں کی جنت دنیا ہی سے شروع ہو جاتی ہے کما قال اللہ تعالیٰ ولمن خاف مقام ربہ جنتان مگر چونکہ بہ نسبت آخرت کے بسبب ضیق مقام دنیا کے رحمت قلیل ہے لہذا بصیغہ مفرد ارشاد فرمایا گیا چونکہ جناب والا افضل الصابرین ہیں لہذا دعا و رجا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپکو اس مصیبت کا نعم البدل اور رحمت عظیمہ اسی دنیا میں عنایت فرماوے اور آخرت میں حسب الوعدہ خود اپنی صلوات کثیرہ کے ساتھ آپ سے پیش آوے آمین ثم آمین آگے عرض ہے اس دار ناپائدار کا حال کون نہیں جانتا ؎ آدم کہاں حوا کہاں مریم کہاں عیسیٰ کہاں ہارون اور موسیٰ کہاں اس بات کا ہے سبکو غم۔ چند اشعار عبرت انضمام شاعر ماہر عمر خیام کے اس جگہ پر نقل کئے جاتے ہیں۔

نظم عمر خیام

دوش با عقل در سخن بودم — کشف شد بر دلم مثالے چند
گفتم اے مایۂ ہمہ دانش — دارم الحق بتو سوالے چند
چیست ایں زندگانیٔ دنیا — گفت خوابے است یا خیالے چند
گفتم از وے چہ حاصل است بگو — گفت درد سر و وبالے چند
گفتم ایں نفس کے شود رام — گفت چوں یافت گوشمالے چند
گفتم اہل ستم چہ طائفہ اند — گفت گرگ و سگ و شغالے چند
گفتم ایں بحث اہل دنیا چیست — گفت بے ہودہ قیل و قالے چند
گفتم اہل زمانہ در چہ فن اند — گفت در بند جمع مالے چند
گفتمش چیست کد خدائے گفت — ساعتے عیش و غصہ سالے چند
گفتم او را مثال دنیا چیست — گفت زالے کشیدہ خالے چند
گفتمش چیست گفتہائے خیام — گفت پندے بہت حالے چند

مورخہ ۵ ستمبر ۱۸۹۸ء

محمد احسن از امروہہ شاہ علی سرائے ضلع مرادآباد

اپنے ناظرین سے دو باتیں

میں اپنے معزز ناظرین کی توجہ مندرجہ ذیل سطور کی طرف مبذول کرانی چاہتا ہوں مجھے امید ہے کہ وہ پوری توجہ کر اوسے پڑھیں گے اور نہایت شوق اور دلی جوش کے ساتھہ اوس پر عمل درآمد کے لئے قدم اُٹھائیں گے۔

الحکم کو جاری ہوئے پہلا سال ختم ہونے کو ہے اس عرصہ میں جو خدمت اوس نے مشن کی کی اوسکا بتلانا میرا کام اور فرض نہیں اور نہ میں اوسے کسی شمار میں سمجھتا ہوں۔ ہاں اتنا کہونگا کہ بہرحال ایک فرض عظیم میں سے کچھ حصہ اوس نے لیا اور ادا کیا۔ الحمد للہ مجھے اس امر کی بھی کوئی ایسی شکایت نہیں کہ میرے بالغ خرد ناظرین نہیں نہیں۔ پرجوش قدردان نے اپنے اوس فرض کو جو الحکم کی طرف سے اوسکی توسیع اشاعت یا ادائے چندہ کی صورت میں تہا ادا نہیں کیا بلکہ باستثنائے چند ہر ایک نے اپنی بساط سے بڑہ کر قدم مارنے کی کوشش کی ہے اور جنہوں نے تغافل یا تساہل کو کام فرمایا ہے اون سے یہ امید ہرگز نہیں کہ وہ اسکی قدردانی میں کوئی دقیقہ فروگذاشت کریں گے ہاں میں یہ کہونگا کہ مجھے اون سے کسی حد تک شکائت ہے کہ وہ متوجہ نہیں ہوئے کہا گیا اور کہا جاسکتا ہے کہ الحکم کی اشاعت باقاعدہ نہیں رہی۔ مجھے اس امر کا اعتراف ہے کہ لاریب ویسا ہوا مگر میں کہوں گا کہ اس کے جوابدہ الحکم کے قدردان ہونے چاہئیں نہ اوسکا قومی خادم کیونکہ برعایت اسباب ایسے سامان کا پیدا کرنا یا کوشش کرنا جو الحکم کی مالی قلمی امداد پر مشتمل ہوں انکا فرض تہا اوسکے بعد الحکم کو باقاعدہ موقت الشیوع بنانا میرا کام تہا۔ بہرنمط جس روش اور چال پر الحکم چلا تہا افتان خیزان وہ ایک سال کی عمر تک پہونچا۔ اور مجھے اب امید ہو چلی ہے کہ وہ اپنے مشن کو اللہ تعالیٰ کی عنایت سے ادا کریگا اگر خلوص اور نیک نیتی ملحوظ ہے۔ اور مجھے اپنے ناظرین سے بھی امید ہو چلی ہے کہ وہ اسکی ترقی میں بہت کچھ ساعی ہوں گے فی الحال جن امور پر میں ناظرین کی توجہ دلانا چاہتا ہوں اونمیں سے ایک تو اخبار اور اوسکی ترقی کے متعلق ہے دوسرا اوسکی تقطیع اور حجم کے متعلق۔

امر اول کی نسبت میں عنقریب اپنے معزز ناظرین کی خدمت میں ایک سرکلر لیٹر بھیجنے والا ہوں جسمیں میں الحکم کی ترقی کی تدابیر پر بحث کر کے اپنے ناظرین کو چاہونگا۔ اور میرے خیال میں جو امر بطور نفس ناطقہ چٹھی مذکور کا ہے وہ یہہ ہے کہ ہر ایک خریدار بجائے خود دو خریدار پیدا کر کے قیمت بھجوائے۔ اور اسکے علاوہ سو معزز اور عالی حوصلہ ایسے اشخاص مربی اخبار الحکم بنائے جائیں جو خواہ چار خریدار پیدا کر کے قیمت بھجوائیں اور خواہ اللہ تعالیٰ اونکو فراخ حوصلگی سے کام لینے کی توفیق دے بہرحال وہ چار اخبار خریدیں یعنے ۱۲ سالانہ دیں اور اپنے نام کے اخبار کے علاوہ باقی تین اخبار ونمیں کو یا تو اپنی جماعت کے مفلس اور نادار مگر شوقین احباب کو دیں یا مخالفوں میں اشاعت کی اجازت دیں اس طرح پر حسب فحوائے مثل مذکورہ جنی جنے کی لکڑی ایک بجنے کا بوجھ اخبار الحکم نہایت آب و تاب کے ساتھہ انشاءاللہ شائع ہوسکے گا۔ اور اوسکی ترقی اشاعت بہی اسی طرح پر عمل میں ہوگی میرے ناظرین میں سے جو جو احباب اس تجویز پر چٹھی مذکورہ کے شیوع سے پیشتر خاکسار ایڈیٹر کی حوصلہ افزائی کریں گے بغرض تقلید اونکے نام نامی شائع کر دئے جائیں گے۔ تاکہ تعداد بھی معلوم ہوتی رہے۔ مجھے کامل امید ہے کہ میرے ناظرین اس امر پر پوری توجہ کریں گے گو میں جانتا ہوں کہ اونکو الحکم کی اشاعت سے بھی بڑے ضروری امور بغرض امداد درپیش ہیں مگر میں کہہ سکتا ہوں کہ سچا اخلاص اور پورا صدق ہو تو کچھہ بھی مشکل نہیں ہوتا اور نہ ایسے امور میں جو اشاعت دین کے لئے ہوں خرچ کرنے سے کوئی مفلس ہو سکتا ہے ولنعم ما قیل ؎

زبذل مال در راہش کسے مفلس نمے گردد
خدا خود مے شود ناصر اگر ہمت شود پیدا

بہرحال اگر الحکم کے اجرا اور اوسکی توسیع اشاعت کی ضرورت ہے تو میں نہیں کہہ سکتا کہ میرے ناظرین میں سے سو آدمی بھی ایسے پیدا نہوں جو ایک دن میں اپنے ضروری اخراجات میں سے صرف ایک پیسہ الحکم کی امداد کیلئے نہ نکال سکتے ہوں زیادہ تفصیل سے اس امر کو اوس چٹھی میں پیش کروں گا۔

امر ثانی کے متعلق مجھے بہت سے احباب نے تحریک بھی کی ہے کہ اخبار الحکم کی تقطیع کتابی تقطیع ہو تاکہ سال کے آخیر پر عمدہ طور پر مجلد ہوسکے میں چاہتا ہوں کہ شروع نومبر ۱۸۹۸ء سے اخبار کو کتابی تقطیع پر شائع کروں اور ۱۶ صفحہ ہفتہ وار شایع ہو۔

مگر تا وقتیکہ کافی رائیں اس معاملہ میں نہ پہونچ جاویں میں اسکا انتظام نہیں کر سکتا۔ اس لئے معزز ناظرین پرچہ پہونچتے ہی اپنی رائے نامی سے مجھے اطلاع دیں تاکہ اگر ممکن ہو تو شروع اکتوبر ہی سے عمل درآمد ہو سکے۔ جب سے کہ پرچہ انشاءاللہ ہفتہ وار جاری ہوگا کیونکہ پیسہ والے ٹکٹ جاری ہو جائیں گے۔

اسکے علاوہ ایک اور امر بھی میں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ اخبار الحکم کے متعلق ہر قسم کی خط و کتابت خواہ وہ ترسیل زر کے متعلق ہو خواہ کسی قسم کی شکائت پر مبنی ہو خواہ کسی اصلاح کا رنگ لئے ہو وہ خاکسار ایڈیٹر کے نام آنی چاہیے۔ حضرت اقدس کے نام مطلق نہو کیونکہ حضرت اقدس کو بحیثیت مالک یا مینیجر ہونے کے اخبار سے تعلق نہیں ہے۔ اور حضور کے گرامی اوقات کو ایسے معاملات سے علیحدہ رکھنا چاہیے۔ اگر کسی صاحب کو کوئی اخبار نہ پہونچے تو اوسی ہفتہ کے اندر اطلاع دیں من بعد وہ شکایت قابل التفات نہوگی۔ تبدیلی مقام کی بشرطیکہ تین ماہ سے کم نہو اطلاع ضرور آنی چاہیے۔

ان سب باتوں کے علاوہ ایک ضروری بات اور کہنا چاہتا ہوں کہ صفائی حساب کے لئے یہ قرین مصلحت سمجھا گیا ہے کہ اکتوبر ۱۸۹۷ء سے جب کہ پرچہ شروع ہوا ہے حساب رکھا جاوے اور نومبر ۱۸۹۸ء سے نئے سال کا اجرا قرار دیا جاوے اسلئے جن صاحبوں کے پاس اکتوبر ۱۸۹۷ء سے لیکر آجتک کا کوئی پرچہ یا نمبر نہیں پہونچا وہ اطلاع دیں تاکہ انکے پاس بہیجدئے جاویں۔ اور جو پچھلے سال کے پرچے نہیں لینا چاہتے یا شروع سال سے ہی حساب رکھنا چاہتے ہیں اونکی وصول شدہ قیمت آخیر اکتوبر تک وضع کر کے بقایا اگلے سال میں مجرا کی جاویگی اور جنہوں نے ابہی تک قیمت ادا نہیں کی اونکے نام اکتوبر ۱۸۹۸ء تک کی قیمت واجب اور سال آیندہ کی قیمت بذریعہ وی پی وصول کی جاویگی جو صاحب کسی قسم کی اطلاع دینگے اونکے نام وی پی نہ بہیجنا ضروری ہوگا۔

کل من علیہا فان

یہ بالکل سچی بات ہے کہ اس دنیاء دون کا ہر گوشہ فنا کے لیئے گشادہ ہے اور ہر ہستی مخلوق نیستی کے بے پناہ ہاتھ کے نیچے ہے کون ہے جو اس میں آیا اور اوس سے بچ رہا ہے ؎

ہر آنکہ زاد بناچار بایدش نوشید
ز جام دہر مے کل من علیہا فان ؎

انہی سوانح پر غم والم کی بدولت زمانہ بزبان حال سنا رہا ہے
دنیا خوابیست کش تعبیر عدم است الحق جو دنیا میں آیا شاہ ہو یا گدا ایک نہ ایک دن سب کو یہی راہ درپیش ہے۔ یہ بالکل اٹل اور لاتبدیل بات ہے کل من علیہا فان ویبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام

مجھے یہ بیدار کرنے والی خبر ملی ہے کہ میرے مخدوم و مکرم بھائی سید خصیلت علی شاہ صاحب ڈپٹی انسپکٹر ڈھاریاں جو ابھی انسپکٹر پولیس ہونے والے تھے ۶ ستمبر ۱۸۹۸ء کو ۱۱ بجے دن کے اس غدار دنیا سے عالم آخرت کی طرف چلدیئے انا للہ وانا الیہ راجعون۔

ایسے لایق اور مخلص اور صادق دوست کی جدائی پر جسقدر رنج اور افسوس ظاہر کیا جاوے وہ انسانی کمزوری کا تقاضا ہے۔ مگر اصل بات یہ ہے کہ مجھ کو اور سبکو یہی راہ درپیش ہے اس لیئے سید صاحب کی وفات سے اپنی موت کے لیئے طیار ہونا چاہیئے۔ میرے مخدوم امام ہمام علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سال گذشتہ کے سالانہ جلسہ پر فرمایا تھا کہ بعض کشوف کے ذریعہ مجھ پر ظاہر ہوا ہے کہ اس سال میں بعض احباب مجھ سے جدا ہو جائیں گے اور چونکہ اونکے نام نہیں بتلائے گئے اس لیئے ہر ایک کو بجائے خود موت کیلیئے طیار رہنا چاہیئے۔

چنانچہ اوسی کشف کے موافق سید صاحب مرحوم ہم سے علیحدہ ہو گئے۔ اور ابھی نہیں معلوم کس کس کو یہاں سے جانا ہوگا پس چونکہ کچھ معلوم نہیں کہ کب پیام اجل آجاوے اس لیئے اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کی راہوں پر ثابت قدم رہنے کے لیئے اوسی مالک الملک سے دعا مانگنی چاہیئے۔ مرحوم سید صاحب کے لیئے میرے دینی بھائی دعا مغفرت کریں کہ اللہ تعالیٰ اونکو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ اور سید صاحب جیسا اخلاص صدق اخلاق۔ امام صاحب سے سچی ارادت ہمکو بھی نصیب کرے۔

سید صاحب کی وفات سے جہاں تقاضائے بشری کے موافق رنج ہوتا ہے وہاں یہ خوشی بھی ہے کہ مقدس امام کی محبت پر ہی اونکی خاتمہ ہوا اور وہ ایمان کے ساتھ دنیا سے اوٹھے خدا ایسا ہی خاتمہ میرا اور میرے ناظرین کا بھی کرے۔ بہر حال آخر میں پھر سید صاحب کے لیئے دعا ہے اور آپکے عزیز بھائیوں اور پس ماندگان کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتا ہوں اللہ تعالیٰ اونکو صبر دے۔ اور مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔ آمین

۹ ستمبر ۱۸۹۸ء کو بروز جمعہ حضرت اقدس نے سید خصیلت علی شاہ صاحب مرحوم کا جنازہ پڑھا گیا۔ اچھا ہو کہ ہر ایک شہر میں مرحوم کا جنازہ پڑھا جاوے۔

الہام

ذیل میں وہ الہام درج کرتا ہوں جو حضرت اقدس کو ۳ ستمبر ۱۸۹۸ء کو ہوا اور جو جناب نے مسجد مبارک میں لکھوا کر چسپاں کر دیا ہے۔ اس لیئے میں بھی بذریعہ الحکم شایع کرتا ہوں۔ غثم غثم غثم لہ دفع الیہ من مالہ دفعۃ

الانذار

مندرجہ عنوان نام کتاب کا اشتہار میرے ناظرین ایک عرصہ سے الحکم میں پڑھتے ہیں کتاب مذکور اب بالکل طیار ہو گئی ہے جن صاحبوں کی درخواستیں آچکی ہیں اونکی خدمت میں عنقریب روانہ کی جاویگی کتاب مذکور ۵ جزو پر ختم ہوئی ہے قیمت ۴ر رکھی گئی ہے۔

مولود مسعود

مرزا احمد بیگ کار پرداز مطبع ضیاء الاسلام کے ہاں ۶ ستمبر ۱۸۹۸ء کو لڑکا پیدا ہوا خدا تعالیٰ اوسکی عمر میں برکت دے اور اوسے سعادت مند بناوے۔ آمین ثم آمین

سید خصیلت علی شاہ مرحوم کی خبر وفات میں لکھ چکا تھا کہ مکرمی چوہدری رستم علی صاحب کورٹ انسپکٹر کی ایک نظم اسکے متعلق پہونچی جسمیں میرے اوس مضمون کو جو مینے سید صاحب کی خبر وفات کے آخیر میں حضرت اقدس کے کشف کے متعلق لکھا ہے ادا کیا ہے بوجہ عدم گنجایش لگلے اشو میں درج ہوگی۔

دارالامان کی خبریں

۱۔ موسم میں ابھی تک برسات کا رنگ موجود ہر روز کم و بیش بارش ہو جاتی ہے۔

۲۔ مطبع ضیاء الاسلام میں نجم الہدیٰ نام وہ دنیا پر حجت قایم کرنیوالہ اشتہار چھپ رہا ہے جو عربی۔ فارسی۔ اردو۔ انگریزی میں یک جا شایع ہوگا۔

۳۔ تریاق الہی کے متعلق انگریزی اشتہار شایع کیا گیا اور فریاد درد کا انگریزی حصہ بھی شایع ہو رہا ہے۔

۴۔ نادون سے منشی شہامت خان مع الفضل نور کے ایک دو احباب کے اور پشاور سے مولوی غلام حسین صاحب سب رجسٹرار اور امرتسر سے چند احباب ایسا ہی بٹالہ سے ایک مخلص آجکل دارالامان کے مقیم احباب کے علاوہ حضرت اقدس کی صحبت سے بہرہ اندوز ہیں۔

ضرورت

حضرت اقدس کے لنگر یعنے باورچی خانہ کیلیئے ایک شریف ہوشیار۔ دیندار۔ اور دیانت دار اپنے کام میں ماہر باورچی کی ضرورت ہے تنخواہ کا فیصلہ بذریعہ خط و کتابت حضرت اقدس سے کریں۔

رپورٹ جلسہ سالانہ ۱۸۹۷ء

رپورٹ کی اشاعت میں امید سے زیادہ توقف ہو گیا ہے مگر اب رپورٹ انشاء اللہ بہت جلد شایع ہوگی۔ کیونکہ طبع ہونی شروع ہو گئی ہے۔ جن احباب نے رپورٹ کی متعدد جلدوں کے خرید کرنے کا وعدہ کیا ہوا ہے ہفتہ آیندہ میں انکے نام مع انکی تعداد جلدوں کے شایع کر دینگے تاکہ دوسروں کو ترغیب ہو اور انکو یاد دہانی۔

اس خادم الاطباء کو ۲۸ سالہ طبیہ تجربات اور فقراء کاملین و سیاحین کے خدمات سے ایسے سریع التاثیر نسخے ہاتھ آئے ہیں کہ اکسیر کا حکم رکھتے ہیں خصوصاً اولاد و فرزند نرینہ وحیات مولود و دفع اسقاط کے لئے تیر بہ ہدف ہیں۔ اگرچہ کثرت اشتہارات نے خلق کو بدظن کر دیا۔ مگر ع خدا پنج انگشت یکساں نہ کرد۔ بندہ کو اس نعمت خداداد کے پوشیدہ رکھنے کا حکم نہیں۔ بزرگوں کے ارشاد سے فیض عام کا اشتہار ہے۔ کہ ادویہ تو وہی ہوں گی۔ مگر نمبر اوّل کم مقدور والے صرف خرچ مندرجہ سے اور (۲) تونگر عہدہ دار خرچ دو چند سے دوائیں لے جائیں۔ اور دلی مراد پائیں (۳) شرطیہ پیشگی آمدنی یک ماہ علاوہ خرچ دوا دے کر رسید دستخطی لے۔ اگر میعاد مقررہ کے اندر امید بر آئے بندہ کا حق ہے۔ ورنہ واپس لے جائے۔ (۴) شرطیہ مابعد خرچ دوا دے کر اقرارنامہ آمد دو ماہ لکھ دے۔ بہ شرط پیدائش نرینہ بمیعاد معینہ ادا کرے۔ ورنہ خرچ دوا بھی بذریعہ رسید واپس لے۔ (۵) زر تصفیہ شدہ فیمابین معتبر شخص کے بہ رضامندی طرفین امانت رکھ دیں۔ بہ شرط کامیابی بندہ پائے۔ ورنہ واپس لیں۔ (۶) اس پر بھی اطمینان نہ ہو۔ تو مچلکہ شرطیہ لکھائیں۔ وقت تولد فرزند نرینہ آمدنی چہار ماہ واجب الوصول ہو۔ ورنہ ہرجانہ جرمانہ حسب قرار داد قبول۔ فضل خداداد کی منادی ہر طرح کرا دی۔ شرطیہ اقرارنامہ سے جھوٹے اشتہاروں کی بنیاد ڈھا دی۔ اگر علاج میں شک ہو۔ تحقیق کر لو مراد پانے پر دینا کس کو گراں ہے۔ فرزند نرینہ لاکھوں سے ارزاں ہے۔ جو گھر اس لعل سے منور نہیں وہ خانہ خراب ہے۔ گھر نہیں ع برباد وہ شجر ہے کہ جس کا ثمر نہیں۔ گم نام وہ بشر ہے کہ جس کا پسر نہیں۔ کتاب اسناد کامل فہرست و پرچہ تشخیص لاولدی ایک ٹکٹ بھیج کر منگوائیے۔ جن مایوسین نے زندگی دوبارہ پائی۔ اور جن کی دلی مراد بر آئی۔ ملاحظہ فرمائیے۔ تشخیص مرض کے بعد بذریعہ خط و کتابت علاج ہو سکتا ہے۔ طریق استعمال دوا و غذا پرہیز محط ملحقہ ڈبیہ سے واضح ہوگا۔ والیان ریاست و امرا حسب منشا خود شرائط مندرجہ سے مستثنےٰ ہیں۔

نمبر	نام مرض	رقم پیشگی	نمبر	نام مرض	رقم پیشگی	نمبر	نام مرض	رقم پیشگی	نمبر	نام مرض	رقم پیشگی
۱	جس کے اولاد نہ ہو	ع۵	۱۰	قولنج دوری	صہ	۱۹	لقوہ	عا	۲۸	نل اترنا	صہ
۲	جسکی اولاد چھوٹی مرجاوے	صہ	۱۱	سوزاک	صہ	۲۰	بھگندر	عا	۲۹	طول و عرض و عمق کو [illegible]	صہ
۳	جس کے لڑکیاں ہوں لڑکا نہ ہو	صہ	۱۲	سرعت	عا	۲۱	ناسور	عا	۳۰	خضاب سالانہ	عا
۴	جس کا حمل ۶-۸ ماہ گر جاوے	صہ	۱۳	جریان	عا	۲۲	بواسیر خونی و بادی	صہ	۳۱	نزلہ و زکام	عا
۵	کم زوری	ع۵	۱۴	غلط کاری	صہ	۲۳	ادھرنگ	ع۵	۳۲	تسہیل ولادت	عا
۶	مرگی	صہ	۱۵	گنٹھیا	عا	۲۴	ضیق النفس	ع۵	۳۳	ہیضہ مجرب المجرب	عا
۷	تپ دق	ع۵	۱۶	سفیدی آنکھ	عہ	۲۵	[illegible]	صہ	۳۴	تیجا - چوتھیا - روزانہ	عہ
۸	ضعف باہ	صہ	۱۷	ضعف بصر	عا	۲۶	آتشک	صہ	۳۵	ضعف ہضم	عہ
۹	ضعف جگر	عا	۱۸	سبل	عا	۲۷	آتشک گل بن	ع۵	۳۶	سرسام	عا

المشتہر۔ شیخ نظام الدین حکیم امرتسر چوک ڈیوڑھی کرموں

میرے کا سُرمہ

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامیر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزوں - میڈیکل کالج کے پروفیسروں - نامور ڈاکٹروں - والیان ریاست اور ولائت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹروں نے بعد تجربہ اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہے - کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لئے اکسیر ہے - ضعف بصارت - تاریکی چشم - دھند - جالا - پڑوال - غبار - پھولا - سُبل - سُرخی - ابتدائی موتیابند - ناخنہ - پانی جانا - خارش وغیرہ - معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے اور ادویہ کے آنکھوں کے مریضوں پر اب اس سُرمہ کا استعمال کرتے ہیں - چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھ جاتی ہے - اور عینک کی بھی حاجت نہیں رہتی - بچہ سے لیکر بوڑھے تک کو یہ سُرمہ یکسان مفید ہے - قیمت اس لئے کم رکھی ہے - کہ عام و خاص اس سُرمہ سے فائدہ اُٹھا سکیں - قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لئے کافی ہے - مبلغ ۸/ روپیہ میریکا سفید سُرمہ اعلیٰ قسم کا فی تولہ مبلغ تین روپیہ خاص میرہ فی ماشہ بیس روپیہ - معری سُرمہ فی تولہ ۸/ر خرچ ڈاک بذمہ خریدار درخواست کے وقت اخبار کا حوالہ ضرور دیں - نقلی و جعلی میرے کے سُرمہ کے اشتہاروں سے بچنا چاہیے -

المشتہر

پروفیسر میاسنگھ آہلو والیہ مقام بٹالہ - ضلع گورداسپور پنجاب -

ان سے بڑھکر اور کیا معتبر شہادت ہو سکتی ہے ؟

۱ - میں بڑی خوشی سے تصدیق کرتا ہوں - کہ میریکا سرمہ جو سردار میاسنگھ صاحب اہلوالیہ نے ایجاد کیا ہے بڑی بیش قیمت اور مفید دوا ہے بالخصوص مفصلہ ذیل امراض کے لئے تو بمنزلہ اکسیر ہے - آنکھوں سے پانی جانا - دھند - سوزش ہر قسم جسکو عموماً آنا کہتے ہیں - جلن - کمزوری نظر - ناخونہ اور اندر کی جھلی کا زخم اور لسنے پیپ کا گرنا - چونکہ اس سرمہ میں کوئی مضر کیمیائی شے نہیں ہے - اس سے ہر کسی کے لئے استعمال مفید ہے خصوصاً میں جہاں لائق ڈاکٹروں کا ملنا مشکل ہے - وہاں ایسی مفید دوا کو ضرور پاس رکھنا چاہیے اس لئے میں بلا شک وشبہ شہادت دیتا ہوں کہ مذکورہ بالا امراض کے لئے میرے کا سُرمہ ضروری مفید ہے - راقم ڈاکٹر ڈی - ایم - مساسنگھ صاحب بہادر - ایم بی - ایم ایس سند یافتہ یونیورسٹی ایڈنبرگ (انگلینڈ) امرتسر

۲ - میں بڑی خوشی سے میریکے سُرمہ کے فائدہ بخش اثر کی نسبت شہادت دیتا ہوں - کہ سردار میاسنگھ صاحب اہلووالیہ نے تیار کیا ہے - میں نے اسکا تجربہ اپنی ایک زیر علاج مسمات اُمّ دوی بعمرہ ۴۰ سال سکنہ لاہور پر کیا ہے - مریضہ مذکور کی آنکھوں کی پلکوں میں خرد خرد دانے نکلے ہوئے - اور پڑوال پڑتے تھے - آنکھیں عرصے سُرخ اور دُکھی ہوئی تھیں - انیں سے کثرت سے مواد نکلتا تھا - اسکی بینائی میں اسقدر فرق آگیا تھا - کہ سوائے دھاگا بھی نہیں پڑہ سکتی تھی - اور ان اشیاء کو جو اس سے تین گز کے فاصلہ پر رکھی جاتی تہیں صفائی سے دیکھہ نہیں سکتی تہی - مریضہ مذکور نے تین روز تک سُرمہ کا استعمال کیا جسکا یہ نتیجہ ہوا - کہ اُسنے امراض مذکورسے کلی صحت پائی - راقم - خان بہادر ڈاکٹر محمد حسین خان ایل - ایم - ایس اسسٹنٹ سرجن پنشنر و آنریری مجسٹریٹ لاہور سابق پروفیسر میڈیکل کالج لاہور -

۳ - جناب میاسنگھ صاحب

شائد آنجناب کو یاد ہوگا - کہ بندہ نے آپ سے میریکا سفید سُرمہ منگوایا تہا - جس نے جادو کا اثر دکھلایا یعنی ایک دوکاندار مسمی دولامل کی آنکھوں میں پھولا پڑ گیا تھا - اور بسبب پٹی پر پہولے کے ہونیکے نظر قطعاً بند ہوگئی تھی - لیکن قریب دس روز کے استعمال سے پہولا روپوش ہوگیا - اور پٹی صاف و شفاف ہو کر نظر بدستور قائم ہوگئی ہے - اور مریض دعاگو ہے - بندہ بھی بصد شکر گذاری جوش طبیعت کو ظاہر کئے بغیر نہیں رہ سکتا - جو آپ نے ایسی نادر دوا اس قدر قلیل قیمت پر لگا کر خاص و عام خلق خدا پر بہت احسان اور ثواب کا کام ہے لہذا بندہ بخدمت ہر خاص و عام بتعلق تاکید ہے - کہ بروقت مبتلا ہونے مرض چشم خواہ کسی قسم کا مرض ہو - اس اکسیر یکہ حیات چشم (سُرمہ میرہ) کے استعمال کرنے کا موقعہ ہرگز ہاتھ سے ندیں - ملتمس ہوں - کہ دو تولہ میریکا سرمہ بذریعہ قیمت طلب پارسل عنائت فرمادیں -

راقم - ڈاکٹر نرائن سنگھ ہاسپٹل اسسٹنٹ کوٹ گدہ ڈسپنسری شملہ -

۴ - جناب من میری آنکھہ میں ایک مرض ہے - جسکا علاج حکما اور ڈاکٹران لاہور مثل ڈاکٹر پیری صاحب اور عجیب وغیرہ نے کیا کچھہ فائدہ نہ ہوا - آپ کے سرمہ سے تخفیف ہوئی - اب صرف دھند اور کم طاقتی ہماری چشم میں ہے - اور ایک تولہ سفید سرمہ بذریعہ قیمت طلب پارسل بابھجدیں -

دستخط سردار صلیح محمد خان درانی شاہزادہ کابل خلف الرشید جناب امیر فیض خان محمد خان صاحب مرحوم والی ملک ترکستان - ۲ / مارچ ۱۸۹۷ء

پانچ ہزار روپیہ انعام

اگر کوئی شخص میرے کے سرمہ کی سندات میں سے جو قریب بارہ ہزار کے ہیں - ایک کو بھی فرضی ثابت کر دے اس کو مبلغ پانچہزار روپیہ انعام دیا جاویگا - جو لاہور کے الائنس بنیک مارچ ۱۸۹۵ء کو جمع کیا گیا -

شیخ یعقوب علی (تراب) ایڈیٹر و پروپرائیٹر کے لئے انوار احمدیہ پریس قادیان میں چھپ کر شائع کیا گیا

الحکم نمبر ۳۲ ۔ ۱۹۰۲ جلد (۶)
قادیان دارالامان ۱۴ ستمبر ۱۹۰۲ء
۲
صداقت ابھی زمانہ میں موجود ہے اور ہاتھ کی پانچوں انگلیاں برابر نہیں
امتحان
سچائی کا فیصلہ
بشرطیکہ
صحت جسمانی کی طلبگار ہو۔ اسکو پڑھو۔ اور ایکدفعہ بشرطیکہ آزماؤ۔
مفت
صحت جسمانی کے طلبگار ہو اس کو پڑھو اور ایکدفعہ شرطیہ آزماؤ
نوٹ
پرچہ ترکیب استعمال دوا کے ساتھ ہوگا۔ فرمائشوں کی تعمیل قیمت طلب پارسل سے ہوگی۔ محصول و کمیشن ڈاک ذمہ خریدار۔ درخواستیں بنام مشتہر مندرجہ ذیل آنی چاہییں۔
نوٹ
درخواست کنندہ کو لازم ہے۔ مرض کا مفصل حال بقید عمر تحریر کرے۔ اور اپنا پتہ خوشخط لکھے اور جس اخبار سے اشتہار دیکھا ہو۔ اسکا حوالہ دے کر غرباء خرچ روانگی دوا درخواست کیساتھ روانہ کریں محصول علاوہ ہوگا۔
سچے اور جھوٹے کو خود پرکھ لو۔ اگر استعمال حسب ترکیب سے فائدہ نہ ہو تو اپنے ہی بیان حلفی سے قیمت واپس لو۔ یہہ کامل ثبوت سچائی کا ہے۔
اکسیر حافظہ
فوائد اس کے نام سے ظاہر ہیں۔ ہر ایک شخص خصوصاً طلباء کو اسکی اشد ضرورت ہے۔ دو ہفتہ کیواسطے عہ۔ ایکماہ کیواسطے ۱۲ تین ماہ کیواسطے للعہ۔ غریب طلباء کو بتصدیق ہیڈ ماسٹر نصف قیمت پر دی جاتی ہے
خارش کی حکمی دوائی
تین دفعہ کے لگانے سے فائدہ کلیہ حاصل ہوتا ہے۔ اور جادو کے اثر کو تصدیق کرنا پڑتا ہے۔ فی پوڑیہ ۸ اور مفت تقسیم کرنیوالوں کو ۸ پوڑیہ عہ اور غرباء کو بتصدیق کسی معزز کے صرف خرچ روانگی پر مفت
دوائی ہاضمہ
بدہضمی درد شکم۔ قراقر۔ قبض۔ امتلاء۔ کھٹے ڈکار ضعف معدہ کو دور کرتی اور بھوک لگانیکو مفید۔ قیمت فی ڈبیہ جو کئی آدمیوں کو کافی ہو ۸ر غرباء کو بتصدیق کسی معزز کے خرچ روانگی پر مفت۔
دوائی آتشک
یہ عجیب الخواص حکمی دوائی اس شدید مرض کو ایک ہفتہ میں دور کرتی ہے۔ خوبی یہہ کہ منہ نہیں آتا۔ غذا گوشت۔ پلاؤ۔ شراب کے عادی کو اس کی بھی اجازت ہے ۷ خوراک عہ۔
سرمہ سلیمانی
ایک فقیر صاحب کی ایجاد۔ دھند۔ غبار۔ تاریکی چشم ضعف بصر۔ سرخی۔ پھولا۔ موتیا بند کو اکسیر ہے۔ اسکے استعمال سے عینک چھوٹ جاتی ہے۔ اور آنکھ کبھی بیمار نہیں ہوتی۔ قیمت فی تولہ عہ اطباء و دیگر اصحاب سے پہلی دفعہ بغرض تجربہ فی تولہ عہ۔
سفوف مرہم آتشک
اصلاح زخم کیواسطے صرف پٹیاں لگتی ہیں زخم پہلے دن خشک۔ اور تین دن میں بالکل اچھے ہوتے ہیں۔ فی پوڑیہ ۸ر غرباء کو بتصدیق معزز ۲ر خرچ پر مفت
اعجاز مسیحی
اعصاب کی کمزوری اور جملہ نقصانات جو جوانی کی غلط کاریوں کا نتیجہ ہے۔ اس کے تین دفعہ کے استعمال سے بالکل دور ہو کر نامرد۔ مرد اور مرد جوان مرد ہو جاتا ہے۔ قیمت ہے۔
عصائے پیری
رقت اور جریان کو مفید۔ قوت باہ کے واسطے علاج لاثانی وذریعہ لطف زندگی۔ تعریفی الفاظ کی ضرورت نہیں۔ تجربہ شاہد کافی ہے۔ قیمت ہے۔ ردپیہ
دوائی وجع المفاصل
یہ بے نظیر اور تیر بہدف دوائی ہے۔ سالہا سال کے جکڑے ہوئے اور بیکار شخص صحیح و سالم ہوئے ہیں۔ قیمت صرف صہ
تریاق سوزاک
سوزاک کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو۔ تین دن میں صحت کلی ہو جاتی ہے۔ درد اور جلن تو پہلے ہی دن دور ہو جاتا ہے۔ در حقیقت اسم بامسمی ہے۔ ۶ خوراک عاہ
نسوار
جملہ امراض دماغی کو مفید۔ دردسر۔ شقیقہ۔ سرخی چشم نزلہ۔ زکام چھچھڑہ کے واسطے دوائی بے نظیر۔ فی پوڑیہ غرباء کو بتصدیق ۲۔ خرچ پر مفت۔
جادو کی گولی
جسم کے کسی حصہ میں کبھی یا کیسی ہی درد ہو۔ فی الفور ایک گولی کے کھانے سے کافور ہو جاتا ہے۔ فی گولی ہر فی درجن عہ
حبوب بواسیر
جو لوگ اس مرض کا کلی دفعیہ ناممکن سمجھتے ہیں وہ ہماری حبوب کو ایکدفعہ ضرور آزمائیں۔ مسوں کی سوزش اور درد پہلے دن بند۔ اور ۱۰ دن میں فائدہ کلی ہوتا ہے۔ قیمت عاہ
لگانیکی دوائی بواسیر
اس دوائی کے لگانے سے تین دن میں مسے خشک ہو کر خود بخود گر جاتے ہیں اور کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں ہوتی اس کو اکسیر کہنا بیجا نہ ہوگا۔ قیمت ہے
دوائی درد گردہ
درد کیسا ہی شدید ہو۔ ۱۵ منٹ میں دور ہوتا ہے۔ فی گولی ۲ر فی درجن عاہ
المشتہر خاکسار غلام احمد بمکان منشی حسین بخش اپیل نویس بٹالہ ضلع گورداسپور ملک پنجاب

انمول موتی

قرآن کریم اور سات کا عدد

سات کے عدد سے قرآن کریم کو خاص مناسبت ہے اور علی العموم ۷، ۷۰، ۷۰۰، ۷۰۰۰ کا عدد الہی کتابوں میں خصوصیت سے تعلق رکھتا ہے اس وقت میں صرف سات کے عدد کی کسقدر خصوصیت قرآن کریم میں دکھانی چاہتا ہوں۔

(ا) قرآن سات مختلف مذاہب سے بحث کرتا ہے۔

(۱) دہریوں یعنے منکران ذات باری سے۔

(۲) منکران نبوت یعنے برہموؤں سے۔

(۳) یہود (۴) نصاریٰ (۵) بت پرست (۶) مجوسی (۷) منافق

(ب) قرآن سات عظیم الشان عقائد حقہ کا بیان فرماتا ہے۔

(۱) خدا تعالیٰ کی ذات۔ صفات۔ اسماء اور افعال کی لطیف بحث

(۲) ملائکہ کے افعال و صفات کی موثر فلاسفی۔

(۳) کتب الہیہ کا دلچسپ تذکرہ۔

(۴) رسالت اور رسولوں کے متعلق

(۵) تقدیر یعنے اون اندازوں پر فلسفیانہ بحث جو اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء میں مرکوز رکھے ہیں۔

(۶) ختم نبوت تشریعی کے متعلق

(۷) اعمال صالحہ و سیئہ پر جزا و سزا کے متعلق

(ج) قرآن سات اعمال صالحہ کا ذکر فرماتا ہے

(۱) اقرار۔ (۲) نماز (۳) زکوٰۃ (۴) روزہ۔ (۵) حج (۶) کوشش (۷) اخلاق فاضلہ

(د) ساتھ ہی نتائج حسنہ واسطے پیش کرتا ہے

(۱) صحت جسمانی (۲) آرام (۳) روحانی آرام (۴) قبر میں آرام (۵) حشر میں آرام (۶) صراط پر آرام (۷) جنت میں آرام تفصیل اور توضیح اور اس عدد سات کی اور خصوصیتیں پھر کسی دوسرے وقت پر انشاء اللہ بیان کرونگا۔

لوکان عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافاً کثیرا

یعنے

(اگر قرآن اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کا بنایا ہوا ہوتا تو اوسمیں تھوڑا کیا بہت ہی اختلاف ہوتا)

اختلاف مندرجہ ذیل امور میں ہوتا ہے جو قرآن کریم میں نہیں کسقدر عظیم الشان دعویٰ ہے اور کیسی اوسکی صداقت ثابت ہو رہی ہے۔

(الف) قرآن کریم واقعات آیندہ کا تذکرہ فرماتا ہے ایسے واقعات آیندہ کا بھی جنکا تعلق دنیا کے لوگوں سے ہونیوالا ہے یعنے احباب و اصحاب کی فتح و ظفر اعدا کی شکست دیکھ لو ایسا ہی ہوا۔

(ب) واقعات گذشتہ کا ذکر کرتا ہے اور اوس کے بتلائے کے خلاف وقوع میں نہیں آیا۔

(ج) طبعیات اور فلسفہ پر گفتگو کرتا ہے مگر اوسکے خلاف سائنس موجودہ سے ثابت نہیں ہوا۔

(د) اسباب بتلاتا ہے اور اون اوسباب کے نتائج اور مصالح بھی ظاہر کرتا ہے اور اوسکا بیان میں راست ہے۔

(ہ) قوائے فطرۃ پر اثر کرنیوالے احکام کی تاکید فرماتا ہے اور کہیں اوسکے خلاف نہیں لیجاتا۔

(و) قرآنی تعلیمات۔ عام تعلیمات انبیاء اور انسانی مشترکہ سوسائٹی سے اور اونکے اجماع مسلمہ کے ضعف نہیں

(ز) تئیس ۲۳ برس میں مکمل ہوا جسمیں صحابہ محکوم سے حاکم بنے پھر اون لوگوں میں بھی زندگی بسر کی جو کسی قانون کے پابند نہ تھے اور انہیں عیسائیوں کے بھی ماتحت رہے مدینہ طیبہ میں کچھ عرصہ تک یہود کے ماتحت رہے خود حاکم بنے پھر دیکھو ان تمام حالتوں میں امن اور چین کو کیسے قائم رکھا۔

مرزا صاحب نے مجدد ہو کر کیا کیا؟

اس سوال کا جواب تفصیلی تو ایک مستقل رسالہ چاہتا ہے۔ حضرت اقدس کی تصانیف میں مختلف مقامات پر اس سوال کا جواب بیج ہے۔ اور انشاء اللہ میں تفصیل کے ساتھ اس پر کوئی آرٹیکل لکھوں گا فی الحال مختصر طور پر اس سوال کا جواب لکھتا ہوں۔

اس سوال کے کرنے والے تین قسم کے لوگ ہیں۔ مولوی۔ فلاسفر مزاج۔ عام لوگ جو مذہب کو عزت کی نظر سے دیکھتے ہیں تیسری قسم کے لوگوں میں وہ عام لوگ بھی ہیں جو مذہب کو کسی وقعت کی نگاہ سے نہیں دیکھتے پس یہہ چار قسم قرار دیدو مولویوں کے لئے تو یہہ جواب کافی ہے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ قیامت میں ایک نبی ہوگا اور اوسکے ساتھ کوئی آدمی نہوگا۔

ونبی معہ رجل ونبی معہ رجلین

ایسے نبی نبی تھے یا نہیں؟ اگر تھے اونہوں نے دنیا میں کیا کیا؟ جو جواب وہ دیں وہی ہمارا جواب ہے۔

فلاسفر مزاج لوگوں کا جواب بھی سہل ہے اونکا خیال ہے کہ اکثر حصہ انسان ناکام مرتا ہے پس دریافت کیا جاوے کہ دنیا میں اکثر فلاسفر ناکام مرے ہیں یا نہیں اور وہ ناکامی کی حیثیت میں فلاسفر تھے یا نہیں؟ ماجوابکم فھو جوابنا۔

عوام کا جواب جو مذہب سے دلچسپی رکھتے ہیں اتنا ہی ہے کہ حضرت نوح نے ساڑھے نو سو سال وعظ کیا اور حدیث میں آیا ہے کہ صرف ۸۰ آدمی تابع ہوئے اور قرآن میں آیا ہے ما اٰمن معہ الا قلیل پھر کیا وہ نبی نہ تھے؟

اب رہے وہ عالم جو مذہب کو وقعت کی نظر سے نہیں دیکھتے وہ ذرا خیال کریں کہ مرزا صاحب کو کسقدر کامیابی ہوئی ہے - دنیا میں کوئی آدمی بدون سودائی یا مجنون کے کسی کا کہنا بلا غرض مان ہی نہیں سکتا - پھر خیال کیا جاوے کہ مرزا صاحب کے ساتھ بڑے بڑے عالم - طبیب - فلاسفر - گریجوایٹ - تاجر - عمایدورؤسا اور گورنمنٹ کے معتمد علیہ لوگوں نے جو مرزا صاحبکو مانا ہے اور اوسکے لئے جان و مال تک کے دینے میں دریغ نہیں کرتے کیا یہ عظیم الشان کامیابی نہیں ہے؟ اسپر بھی اگر کوئی مرزا صاحب کے دعوی کو تعجب کی نگاہ سے دیکھے تو میں اوس سے صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ وہ مخالف اسرائے مولویوں سے پوچھے کہ اگر وہ سچے ہیں اور خدا تعالیٰ سے سچا تعلق رکھتے ہیں تو اوسکی بولی یعنے کلام کی ایسی لطیف تفسیر کرکے دکھادیں جیسی مرزا صاحب نے کی ہے اور وہ ہم اللہ تعالیٰ سے دریافت کرکے بتلادیں کہ اس صدی چھاردہم کا مجدد کون ہے؟ اور اوسنے کہاں دعوی کیا ہے؟

ضرورت قرآن

ضرورت قرآن پر میرے مخدوم مولوی نورالدین صاحب سلمہ ربہ نے تو عدم ضرورت قرآن کے مصنف کے اعتراضات کا قلع قمع کرنے کی خاطر ایک مبسوط مضمون تصدیق میں لکھا ہے مگر میں یہاں مختصر طور پر قرآن کریم کی ضرورت کو بیان کرونگا - اور یہ ضرورت بطور عام اصول کے ہوگی - قرآن کریم کے زمانہ پر ان وجوہات کو مطابق کرکے دیکھو کیسے صادق آتی ہیں -

ا - نمونہ - ہمیشہ سے اللہ تعالیٰ کا یہہ اٹل قانون پاتے ہیں کہ وہ ایک قومی الوالہمت انسان کو اس لئے پیدا کرتا ہے کہ وہ لوگوں میں نمونہ بنکر اپنی مخلصانہ وعاؤں اور پُر جوش زاریوں اور سچی توجہ سے دنیا میں صداقت کو پھیلاوے گو دنیا میں ہر چیز موجود ہی کیوں نہو مگر بغیر صاحب ہمت اور آسمانی بارش کے وہ پھل نہیں لا سکتی - جیسے مینہ کے ذریعہ پھل پھول لگتے ہیں اونکے ذرات اور بیج تو پہلے سے موجود ہوتے ایسا ہی لوہا - سکہ - کوئلہ - قلعی وغیرہ یہہ چیزیں تو موجود ہوتی ہیں مگر بدوں کسی صاحب ہمت شخص کی کوشش کے دنیا میں اون کے فواید معلوم نہ ہونگے اسی طرح سے جب لوگ دین میں سستی کرنے لگتے ہیں تو کسی شخص کو اللہ تعالیٰ مامور کرکے بھیجدیتا ہے جو آکر اصلاح کرتا ہے ہاں کبھی کوئی مامور بڑا کبھی چھوٹا کبھی بے مثل اور کبھی مثیل پیدا ہوتا ہے پس ایک یہ ضرورت ہے قرآن کریم کے نزول کی

۲ - دلائل - جسقدر صداقتیں قرآن کریم سے پہلے موجود تھیں اونکے دلائل پہلی کتب میں موجود نہ تھے جیسے توحید - رسالت - وغیرہ امور قرآن کریم خاتم الکتب تھا اور مختص الزمان اور مختص المقام قانون تھا اور اوس کا دامن قیامت تک وسیع تھا جسمیں طلب دلائل والا زمانہ بھی آنیکو تھا اسلیئے یہ فخر قرآن کریم ہی کو حاصل ہوا کہ دعوی کو دلائل کے ساتھہ موکد فرمایا - اور اگر یہ کہو کہ دلائل اوس میں اوس آنیوالے زمانے سے پیشتر کیوں درج کردے - مناسب تھا کہ اوس زمانہ ہی میں اوسے نازل کرتا اسکا جواب صاف ہے اللہ تعالیٰ قرآن کریم کی حفاظت اور اشاعت مطالب قرآن کے لئے ہر صدی پر ایک مجدد بھیج دیتا ہے جو قرآن کریم کے مطالب کو حسب ضرورت زمانہ الہام الہی سے حل کرتا ہے -

۳ - جماعت - جب مذہب کی طرف لوگوں کی توجہ کم ہوجاتی ہے تو وہ اپنے احکام مذہبی سے بہت کچھ ناواقف ہوتے جاتے ہیں یہاں تک کہ رفتہ رفتہ بعض احکام پر جب غیر مذہب والے حملہ کرتے ہیں اور لوگوں کو اون کا جواب نہیں آتا اور نہیں آنا چاہیئے کیونکہ توجہ نہیں رہتی تو اون احکام کو منسوخ سمجھ لیتے ہیں جنسے کہ اصل کتاب بھی کھو دیتے ہیں پھر ایسے وقت میں ضرورت ہوتی ہے کہ کوئی مجدد یا رسول یا نبی یا پیغمبر یا خاتم الانبیا آوے اور ایک پاک جماعت متقی لوگوں کی طیار کرے -

سوال - جب صداقتیں ہم کو اور کتابوں سے بھی مل سکتی ہیں تو پھر قرآن کی کیا ضرورت ہے؟

جواب - ہاں بظاہر یہ سوال قومی معلوم ہوتا ہے مگر غور تو کرو - کہ حصول صداقت کے لئے کیا کرنا پڑیگا اولاً کل دنیا کی کتابیں جمع کریں پھر ان تمام زبانوں سے پوری واقفیت حاصل کریں - پھر سچ اور جھوٹ میں امتیاز کرنیکی طاقت ہو پھر اوس سچائی کا خلاصہ کسی زبان میں دنیا کے آگے پیش کریں چونکہ دنیا کی اکثر کتابیں گم ہوگئی ہیں لہذا وہ مجموعہ کرنا ناممکن پس اللہ تعالیٰ نے تمام صداقتوں کا مجموعہ ایسی زبان میں جو ام الالسنہ ہے نازل فرمایا - اور یہ فرمایا فیہا کتب قیمہ

سوال ایک برہمو کہتا ہے کہ الہام ایکبار ہی کیوں نہ ہوا - باربار کیوں ہوتا ہے -

جواب - اگر ایک مکان میں دس بیس آدمی جمع ہوں اور اللہ تعالیٰ کو یہ علم ہو

قرآن کریم پر لطیف نوٹ

(نمبر ہفتم)

سورۃ البقر رکوع (۳)

الذی جعل لکم الارض فراشاً و السماء بناءً و انزل من السماء ماءً فاخرج بہ من الثمرات رزقاً لکم فلا تجعلوا للہ انداداً و انتم تعلمون

ترجمہ - وہ تمہارا مربی اور خالق وہی ہے جسنے تمہارے لئے گول زمین کو آرام گاہ بنایا اور آسمان کو قیام زمین کا باعث بنا دیا اور وہ چھت ہے - اور پھر اُس نے بادلوں سے پانی برسایا جسنے تمہارے خوردنی و نوشیدنی بلکہ پوشیدنی ضرورتوں کو پورا کیا - ہاں اوسی بارش نے تمہارے لئے گونا گون پھل نکالے پس ایسے مربی و محسن کے ساتھ جو جامع جمیع صفات کاملہ اور ہر نقص سے منزہ ہے کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ - اور اس بات کو تم خوب جانتے ہو کہ مستحق عبادت ایسا ہی محسن و مربی ہوتا ہے -

اوپر کی آئت کی توضیح کرتے وقت اور سورۃ الفاتحہ سے تعلق ظاہر کرتے ہوئے میں نے تلخیص رکوع کے امر اول کو اللہ تعالیٰ کی صفات اربعہ یعنے ام الصفات کا ذکر کیا ہے - اب اس آیت میں الرب کی توضیح اللہ تعالیٰ نے فرمائی ہے یعنے یہی نہیں کہ تمکو پیدا کر دیا نہیں بلکہ پیدا کرنے کے بعد ربوبیت کے تقاضے سے اون امور تربیت کو ترتیب وار بیان کیا ہے - دیکھو اور غور کرو - کیا لطیف ترتیب ہے -

پیدا ہونیکے بعد سلسلہ تربیت کیونکر چلتا ہے ذرا بلند نظری سے کام لو ایک بچہ کو پیدا ہوتے ہی جس چیز کی ضرورت پڑتی ہے وہ زمین ہے - اور اگر دوسرے الفاظ میں یوں کہیں کہ اوسے گہوارہ کی ضرورت پڑتی ہے تو بھی بے جا نہیں

اللہ اللہ کلام قرآنی میں کیا نظام رکھا ہے ایسے الفاظ استعمال کئے ہیں جو اون تمام مراتب و مدارج پر حاوی ہیں جو مطلوب ہیں الارض کا لفظ فرمایا -

الارض کے معنے ہیں بہت زور سے چکر کھانیوالی - دوّار -

دوسرے مقام پر **الم نجعل الارض مہاداً** بھی فرمایا ہے - (میں نوٹ لکھتا ہوں نہ تفسیر اور نہ میں اپنے آپ میں فی الحال اسقدر قابلیت پاتا ہوں کہ اسقدر بلند پروازی کروں اللہ تعالیٰ چاہے تو سب کچھ ہو سکتا ہے **نیت المومن خیر من عملہ** اس لئے مجھے اختصار کو ملحوظ رکھنا پڑتا ہے اور دلی شوق چاہتا ہے کہ وسعت کے ساتھ بیان کرتا جا - (ایڈیٹر)

الارض کے لفظ میں جہاں اوس پہلی اور ابتدائی ضرورت کو بیان فرمایا جو تربیت بچہ کے مدارج کا پہلا زینہ ہے وہاں **لو کان من عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافاً کثیراً** کی صداقت کا رنگ بھی دکھایا -

کدہر ہیں نئی روشنی کے نوجوان! کہاں ہیں مغربی فلسفہ اور سائنس کے پوجاری! جو حرکت الارض کے مسئلہ کے موجد کی تعریف میں گیت گایا کرتے ہیں وہ دیکھیں اور غور سے دیکھیں کہ الارض کے لفظ میں ہی حرکت الارض کا ثبوت اور پہر صورت حرکت الارض کا نمونہ موجود ہے کیا یہ سچ نہیں؟ کہ واقعی یہ کلام الٰہی ہی کا خاصہ ہے کہ وہ سائنٹفک امور میں بھی مختلف نہیں

قدم رکھنے اور قیام کے لئے تو ضرورت ہے زمین کی پہر اوسی زمین کو بچھونا بنایا فراشاً - عمدہ بسترہ - آرامگاہ - فراشاً کے لفظ میں اگر پہر وسعت زبان کی خوبیوں کو زیر نظر رکھ کر دیکھیں اور نئی روشنی کے جوان تو ضرور دیکھیں تو اونہیں بناوٹ زمین کا وہ مسئلہ بھی حل ہوتا ہوا بآسانی نظر آئیگا جو اونکے مکرم جیالوجسٹوں نے طبقات الارض کی گہری اور لمبی تحقیقات کے بعد دریافت کیا ہے - کہ زمین ابتدا میں ایک گیس کی حالت میں تھی اوسکو مفصل طور پر تو **الم نجعل الارض مہاداً و الجبال اوتاداً** میں بیان فرمایا جو اپنے موقع پر انشاء اللہ مشرح بیان ہوگا مرکوز رکھا ہے -

اسکے بعد بجز الرب کی صفت کی اور توضیح فرمائی کہ ارض جو قیام انسان کا ذریعہ اول ہے اوسکی تربیت اور تکمیل بھی وہی صفت الرب کر رہی ہے لہذا اوسکے لئے آسمان بطور بنیاد موجب استحکام بنا دیا ہے - علمی رنگ میں اگر میں اس امر کی فلاسفی بیان کرنی چاہوں تو یہ مختصر سا نوٹ اوسکا متحمل نہیں ہو سکتا لہذا چھوڑتا ہوں - ہاں اتنا کہتا ہوں کہ ذرا مشاہدہ قدرت اور عام صحیفہ فطرت کو دیکھ کر کہ آسمان کی ضرورت زمین اور اہل زمین کے لئے کسقدر ہے؟

آسمان کی کیفیت السماء کے لفظ پر اکثر ناواقف لوگوں نے جو عربی زبان کی وسعت سے ماہر نہیں دہوکا کھایا ہے اور اونہوں نے قرآن کریم کے منشاء کو غلط طور پر سمجھ کر یہ کہا ہے کہ گویا قرآن کسی متعسر الخلق - جلب اور کثیف مادہ کا نام سماء رکھتا ہے - حالانکہ ایسا ثابت نہیں بلکہ ہوا یا پانی کی طرح نرم مادہ قرار دیا ہے جنمیں ستارے تیرتے ہیں جیسے فرمایا **کل فی فلک یسبحون**

اور یہ کہنا کہ آسمان نفس الامر میں کچھ بھی نہیں نرا خلا اور پول ہی پول ہے یہ بھی غلط اور محض غلط ہے - تجربہ صحیحہ اسکے خلاف ہے غبارہ باز کہہ سکتا ہے کہ وہ جتنی دور تک اوپر جاتا ہے اوسے کوئی ایسی جگہ کہیں نہیں ملتی جہاں کچھ بھی نہو اور ہمارے تجارب رویت بھی اس بات کی شہادت نہیں دیتے کہ کوئی پول بجرہ کہیں نظر آئے - پہر ہم کیونکر استقرا مستمر

حکم کر سکتے ہیں کہ ان محدد فضاؤں سے آگے کوئی خالی مادہ بھی ہے غرض قرآن کریم نے آسمانوں کی یہی فلاسفی بیان فرمائی ہے۔اس مضمون کو بہت ہی لطیف طور پر میرے مرشد و امام (صلوٰۃ اللہ علیہ وسلامہ) سیدنا مرزا صاحب نے اپنی کتاب آئینہ کمالات میں بصفحہ ۱۶۸ بیان فرمایا ہے

یہاں والسماء بناءًا میں السماء سے مراد عام آسمان ہے جسکے سات مختلف طبقے ہیں چونکہ قیام زمین کے لئے السماء کی ضرورت اسلئے اسکے بعد ہی السماء کا ذکر فرمادیا۔ اور پھر دوسری ضرورت تربیت بچہ کے لئے پانی کی ہے اگر کہو کہ اول ضرورت تنفس کے لئے ہوا ہے تو گذارش ہے کہ اول ضرورۃ پانی کی ہے کیونکہ اسی سے انسان کی بناوٹ ہے اور ہر ایک زندہ کی زندگی اسی سے وابستہ ہے۔ وانزل من السماء ماءً سماء کے معنے بادل کے ہیں۔

پھر تیسری ضرورت یا تیسرا درجہ تربیت کا اشیاء خوردنی کا وجود ہے جو زمین سے اگتی ہیں اسلئے اس حیثیت کی بدولت اون کے پیدا ہونے کا ذکر فرمایا۔ کیا میرے بالغ خرد اور دقیقہ رس ناظرین اس مقام پر والسماء بناءً کے معنوں میں پورا غور کرکے اوسکی صداقت کا لحاظ نکریں گے؟ دیکھو آسمان کیونکر قیام ارض کا موجب ثابت ہوتا ہے۔

یہاں تک الرّب کی فلاسفی اور صفت الرّب کے تقاضے اور پھر اونکی تکمیل اور تبلیغ تربیت کے مدارج ثلاثہ کا ذکر فرماکر پھر اللہ تعالیٰ اوسی اعبدوا کے لفظ کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

عاجز انسان پر اپنے یہ اکرام و انعام جتاکر کہ اوسے خلق کیا پھر وہیں نہیں چھوڑا خلق کے بعد تبلیغ تربیت کا کفیل ہوا۔ اور مربی بنکر ہر ایک قسم کی ضرورتوں کو جو اسکے لئے ضروری تھیں پورا کیا خواہ وہ جسمانی ہوں خواہ روحانی۔

کیونکہ روحانی نظام میں بھی تربیت کا سلسلہ اسی اسلوب سے چلتا ہے۔ پھر ارض سے مراد قلب الانسان لیا جا سکتا ہے جیساکہ دوسرے مقام پر والارض وما طحٰھا کے الفاظ میں مذکور رکھا ہے اور پھر نزول ماء من السّماء سے مراد وہ الہام الٰہی ہے جو روحانی پیاسوں کی سیری اور تسلی کا موجب ہوتا ہے الغرض یہ امر بتلاکر اور الرّب کے خواص جتلاکر پھر یاایھا النّاس اعبدوا میں اعبدوا کے حکم کی دلیل کو کامل فرماتا ہے۔ اور ان مشاہدات قدرت کو یعنے زمین و آسمان اور نزول باران رحمت اور اخراج ثمرات کو پیش کرکے اپنی یگانگت کی دلیل بیان فرماتا ہے۔ یعنے بتلاؤ کہ کیا کوئی دوسری ہستی ایسی ہے جو ایسا کر سکے۔ پھر باوجود اُس علم کے جو تمہارے قوٰے میں مرکوز اور تمہاری فطرت میں مجبول ہے کہ واجب العبادت اور قابل پرستش ایسی ہی ہستی ہونی چاہیے جسکے صفات کاملہ اوپر بیان ہوئے پھر تم اللہ تعالیٰ کے ساتھہ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔

وانتم تعلمون میں اللہ کریم نے اوس وعدہ کا جو فطرت انسانی میں مجبول ہے اور جس کا واضح طور پر دوسرے مقام یعنے سورۃ اعراف میں عہد میثاق کے ضمن بالفاظ واذ اخذ ربک من بنی آدم من ظھورھم الی الآیۃ ذکر ہے یاد دلایا ہے دیکھو اوس مقام پر بھی رب ہی کا ذکر ہے اور یہاں تعلمون اس لئے بھی فرمایا کہ تم مشاہدات قدرت کو اور اون نظائر کو جو تمہاری ہی تربیت کے لئے ضروری ہیں دیکھہ کر یہ علم پیدا کر سکتے ہو بلکہ ایک دنی الطبع انسان بھی سمجھہ سکتا ہے کہ وہ جامع جمیع صفات کاملہ محسن صرف ایک ہی ہے۔

یہ امر بھی یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ وانتم تعلمون کا لفظ کھلے کھلے طور پر بتلا رہا ہے کہ شریک الٰہی بنانے کے لئے کوئی علمی دلیل نہیں ہو سکتی اور بعد علم تام انداد اللہ تجویز نہیں ہو سکتا یا یہ کہو کہ انداد اللہ تجویز کرنے والے سراسر نادان ہیں پس دیکھو ایک لفظ وانتم تعلمون میں اوس ضال فرقہ کا کیسا کھنڈن کیا ہے جو کہتے ہیں کہ ایک عاجز انسان خدا یا خدا کا بیٹا ہے اور پھر اللہ کریم کے ان الفاظ کی صداقت کیسی ثابت ہو رہی ہے کہ جب اون سے دلیل مانگتے ہیں کہتے ہیں ہم اسکی دلیل نہ ہم جانتے ہیں نہ ہمارا خدا" (دیکھو جنگ مقدس یعنے مباحثہ حضرت اقدس سیدنا مرزا صاحب سلمہ ربہ اور عبداللہ آتھم عیسائی۔ قول مارٹن کلارک قائمقام آتھم)

اور نہ صرف یہی بلکہ کوئی عیسائی کوئی علمی دلیل نہیں دے سکتا اور صاف انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اسکی دلیل کوئی نہیں سبحان اللہ وبحمدہٖ۔ کیسا مرتب اور منظم کلام ہے کہ ایک ایک لفظ میں مذاہب باطلہ کی تردید کرتا جاتا ہے۔ اور اپنی دعاوی کا ثبوت کسقدر محکم دلایل سے دیتا ہے (بے انتہا درود ہو اوس کامل انسان پر جو دنیا کے لئے ایک رحمت لایا "اللّٰھم صل علی محمد وآلہ واصحابہ اجمعین") چونکہ اعبدوا کا لفظ بالطبع اوس فرمان کو چاہتا ہے جو عبادت کی راہیں بتلاوے اور پھر اوس اللہ کریم کی عبادت کی راہیں جو احد اور صمد ہے پس ضرور ہکہ وہ انزل من السّماء ماءً کا مصداق ہونیسے ربانی کلام ہو اس لئے اوسکے ثبوت میں فرمایا وان کنتم فی ریب الی الآیۃ

(باقی آئندہ)

مکتوبات امام الزمان

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ - جو کچھ بطور رسم اور عادت کیا جاوے وہ کچھ چیز نہیں ہے اور نہ اوس سے کچھ مرحلہ طے ہو سکتا ہے سچا طریق اختیار کرنے سے گو طالب صادق آگ میں ڈالا جائے مگر جب اپنے مطلب کو پائیگا سچائے سے پائیگا راستباز آدمی نہ کچھ عزت سے کام رکھتا ہے نہ نام سے نہ ننگ سے نہ خلقت سے نہ اونکے لعن سے نہ اونکے طعن سے نہ اونکی مدح سے نہ اونکے ذم سے جب سچی طلب دامن گیر ہو جاتی ہے تو اوسکی یہی علامت ہے کہ غیر کا بیم اور امید بکلی دل سے اُٹھ جاتا ہے اور توحید کی کامل نشانی یہہ ہے کہ محب صادق کی نظر میں غیر کا وجود اور نمود کچھ باقی نرہے وذالك فضل الله یوتیه من یشاء - آپ اتباع طریقہ مسنونہ میں یہہ لحاظ بدرجہ غایت رکھیں کہ ہر ایک عمل رسم اور عادت کی آلودگی سے بکلی پاک ہو جائے اور دلی محبت کے پاک فوارہ سے جوش مارے - مثلاً درود شریف اس طور پر نہ پڑہیں کہ جیسا عام لوگ طوطے کیطرح پڑہتے ہیں نہ اونکو جناب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ کامل خلوص ہوتا ہے اور نہ وہ حضور تام سے اپنے رسول مقبول کے لئے برکات الٰہی مانگتے ہیں - بلکہ درود شریف سے پہلے اپنا یہہ مذہب قایم کر لینا چاہیے کہ رابطہ محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس درجہ تک پہنچ گیا ہے کہ ہرگز اپنا دل تجویز نہ کر سکے کہ ابتداء زمانہ سے انتہا تک کوئی ایسا فرد بشر گذرا ہے جو اس مرتبہ محبت سے زیادہ محبت رکھتا تھا یا کوئی ایسا فرد آنیوالا ہے جو اس سے ترقی کرے گا - اور قیام اس مذہب کا اس طرح پر ہو سکتا ہے کہ جو کچھ محبان صادق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں مصائب اور شدائد اوٹھاتے رہے ہیں یا آئندہ اوٹھا سکیں یا جن جن مصائب کا نازل ہونا عقل تجویز کر سکتی ہے وہ سب کچھ اوٹھانے کے لئے دلی صدق سے حاضر ہو اور کوئی ایسی مصیبت عقل یا قوت واہمہ پیش نکر سکے کہ جسکی اطاعت سے دلمیں روک یا انقباض پیدا ہو اور کوئی ایسا مخلوق دلمیں جگہ نہ رکھتا ہو جو اس جنس کی محبت میں حصہ دار ہو اور جب یہہ مذہب قایم ہوگیا تو درود شریف جیسکہ میں نے زبانی بھی سمجھایا تھا اس غرض سے پڑہنا چاہئے کہ خداوند کریم اپنی کامل برکات اپنے نبی کریم پر نازل کرے اور اوسکو تمام عالم کے لئے سرچشمہ برکتوں کا بناوے اور اوسکی اور اوسکی شان و شوکت اس عالم اور اوس عالم میں ظاہر کرے یہہ دعاء حضور تام سے ہونی چاہیے جیسے کوئی اپنی مصیبت کیوقت حضور تام سے دعاء کرتا ہے بلکہ اوس سے بھی زیادہ تضرع اور التجا چاہیے اور کچھ اپنا حصہ نہیں رکھنا چاہیے کہ اس سے مجھکو یہ ثواب ہوگا یا یہ درجہ ملیگا بلکہ خالص یہی مقصود چاہیے کہ برکات کاملہ الٰہیہ حضرت رسول مقبول پر نازل ہوں اور اوسکا جلال دنیا اور آخرت میں چمکے اور اسی مطلب پر انعقاد ہمت چاہیے اور دن رات دوام توجہ چاہیے یہاں تک کہ کوئی مراد اپنے دلمیں اس سے زیادہ نہو پس جب اسطور پر یہ درود شریف پڑہا گیا تو وہ رسم اور عادت سے باہر ہے اور بلاشبہ اوسکے عجیب انوار صادر ہونگے اور حضور تام کی ایک یہ بھی نشانی ہے کہ اکثر اوقات گریہ و بکا ساتھ شامل ہو اور یہانتک یہ توجہ رگ و ریشہ میں تاثیر کرے کہ خواب اور بیداری یکسان ہو جاوے علیٰ ہذا القیاس نماز جسکے لئے خداوند کریم نے صدہا مرتبہ قرآن شریف میں تاکید فرمائی ہے اور اپنے تقرب کے لئے فرمایا ہے واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ یہ بیجا رسم اور عادت کے پیرایہ میں کچھ چیز نہیں ہے اسمیں بھی ایسی صورت پیدا ہونی چاہیے کہ مصلی اپنی صلوٰۃ کی حالتیں ایک سچا دعاء کنندہ ہو سو نماز میں بالخصوص دعاء اهدنا الصراط المستقیم میں دلی اخلاص سے دلی تضرعات سے دلی خضوع سے دلی جوش سے حضرت احدیت کا فیض طلب کرنا چاہئے اور اپنے تئیں ایک مصیبت زدہ اور عاجز اور لاچار سمجھکر اور حضرت احدیت کو قادر مطلق اور رحیم کریم یقین کرکے رابطہ محبت اور قرب کے لئے دعاء کرنی چاہیے اوس جناب میں خشک ہونٹوں کی دعاء قابل پذیرائی نہیں فیضان سماوی کے لئے سخت بیقراری اور جوش گریہ وزاری شرط ہے اور نیز استعداد قریبہ پیدا کرنے کے لئے اپنے دلکو ماسوا اللہ کے شغل اور فکر سے بکلی خالی اور پاک کر لینا چاہیے کسی کا حسد اور حقد دلمیں نہ رہے بیداری بھی پاک باطنی کے ساتھ ہو اور خواب بھی - بے مغز باتیں سب فضول ہیں اور جو عمل روح کی روشنی سے نہیں وہ تاریکی اور ظلمت ہے - ھذا والتوحید والتفرید والتسبید و موتوا قبل ان تموتوا - ۵ر اپریل [illegible] مطابق ۱۷ر جمادی الثانی [illegible]

برادرم محمد حسین صاحب راولپنڈی سے حضرت مولانا مولوی نورالدین صاحب سلمہ ربہ کی صاحبزادی کے انتقال کی مندرجہ ذیل تاریخ بغرض اشاعت بھیجتے ہیں - (ایڈیٹر)

تاریخ وفات دختر حضرت حکیم نورالدین مولانا یہ ہے

آن اُمامہ کہ بود پاک سرشت ٭ عفت آثار بنت مولانا
اے افسوس و صد ہزار دریغ ٭ کرد رحلت ازین جہان فنا
فی البدیہہ چنین بگفت حسین ٭ سال فوتش جنود نیز بنا
۱۳۱۶

وعظ

جو مولانا مولوی نور الدین صاحب نے ۱۷ ستمبر ۱۸۹۸ء کو بعد عصر اپنے گھر میں کہا اوسکے بعض بعض حصّہ کا اظہار میں امید کرتا ہوں کہ میرے ناظرین اس وعظ کو اپنے گھروں میں سناکر اپنے اوس فرض سے سبکدوش ہوں گے جو یاایھا الذین امنو قوا انفسکم واھلیکم نارا کے روسے اونپر ہے اور الحکم کے پڑھنے سُننے والی نیک بی بیاں کوشش کرینگی کہ اللہ تعالیٰ انکو اون باتوں پر عمل کرنے کی توفیق دے جو اس وعظ میں بیان کی گئی ہے۔

(ایڈیٹر)

اشھد ان لا الہ الا اللہ واشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ

امابعد فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ولنبلونکم بشیئ من الخوف والجوع ونقص من الاموال والانفس والثمرات وبشر الصابرین الذین اذا اصابتھم مصیبة قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون اولئک علیھم صلوات من ربھم ورحمة واولئک ھم المھتدون۔ ان الصفا والمروة من شعائر اللہ۔

ترجمہ۔ اور ضرور ضرور ہم انعام دین گے تمکو بدلہ میں تھوڑے خوف۔ اور بھوکھ اور کمی پر مالوں اور جانوں اور پھلوں کے یعنے اگر تم ذرا سا بھی اللہ تعالیٰ سے خوف کرو۔ اور اس کی رضا جوئی کے لئے کسی خوف کی برداشت کرلو۔ اور اللہ کی راہ میں روزہ وغیرہ بھوک کو اختیار کرو۔ اموال اور جانوں اور پھلوں کو اسکی راہ میں دیدو۔ یا کھو بیٹھو۔

اور خوشی کی خبر سنادو ان مستقل مزاجوں کو جو سکھ اور دُکھ دونوں میں اللہ تعالیٰ کو نہیں چھوڑتے بلکہ ثابت کر دکھاتے ہیں کہ ہم اللہ کے اور اسی کی طرف ہمارا جانا ہے۔ ایسے لوگ اُنکے لئے شاباش ہے اور رحمت وہی راہ راست پر ہیں۔ صبر کا نتیجہ دیکھہ صفا و مروہ پر کہ کیسے مقام پر ہاجرہ نے رہنا اختیار کرلیا جو بے کھیت کا ملک ہے پھر صبر کے بدلہ اللہ تعالیٰ نے اوس کی اولاد کو کیسا سُکھ دیا۔

میں نے تمہیں یہ چند آئتیں جو قرآن کریم کی سنائی ہیں انہیں اللہ تعالےٰ نے چند ایک نصیحتیں اپنے بندوں کو فرمائی ہیں جنمیں سے ایک صبر بھی ہے صبر کے نتیجے اللہ تعالےٰ اپنے بندوںکو کس طرح اور کیونکر دیتا ہے اسکی بہت سی مثالیں ہیں۔ جنکو اگر مفصل بیان کیا جاوے تو بیان بہت لمبا ہو جاتا ہے مگر میں تمہیں بتلائے بغیر بھی نہیں رہ سکتا۔ شاید تم میں کوئی نیک بی بی ہو جو اوس پہ محض اللہ تعالیٰ کی رضاء کے لئے عمل کرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک عورت تھی جسکا خاوند زمینداری کرتا تھا اونکا لڑکا بیمار تھا ایک روز خاوند باہر کام پر گیا اور پیچھے سے لڑکا فوت ہوگیا اوسکی بیوی نے لڑکے کو ایک چارپائی پر ایک کونے میں لٹا دیا اور آپ خوب عمدہ لباس پہن کر خاوند کے آنیسے پیشتر عمدہ کھانا طیار کرکے شاداں و فرحاں بیٹھ رہی جب خاوند آیا تو اوسنے لڑکے کا حال دریافت کیا عورت نے جواب دیا اوسنے بچ آرام کیا ہے خاوند نے سمجھا کہ ٹھیک کہتی ہے جبھی تو اوس نے عمدہ لباس پہنا ہے غرض دونوں نے کھانا کھایا اور ہر طرح سے لطف اٹھایا جب کھانا کھاکر اور جماع سے بھی فارغ ہو چکے تو عورت نے خاوند سے پوچھا ہمارے پاس کسی شخص کی امانت کچھہ روز رہے پھر وہ صاحب امانت اپنی امانت مانگا چاہے تو ہمکو بخوشی وہ امانت دیدینا چاہیے یا نہیں خاوند نے کہا کہ امانت والے کو دینا چاہیے پس عورت نے کہا کہ بچہ بھی امانت کے طور پر ہمارے پاس تھا صاحب امانت نے اسے لے لیا پھر خاوند ترساں و ہراساں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور سارا ماجرا بیان کیا حضور نے فرمایا کہ اس صبر کے معاوضہ میں جو تیری بیوی نے کیا اللہ تعالیٰ نے اونکو سات یا نو بچے دئے جو سب کے سب قاری ہوئے ایک شخص بیان کرتا ہے کہ مینے اُن سبکو دیکھا ہے۔

دیکھو کسقدر بدلہ عظیم اللہ تعالیٰ نے ایک صبر کرنے پر دیا۔ کسنو؟ عورتوں میں دستور ہے کہ جب دو چار مل کر بیٹھتی ہیں تو غیبت۔ بدگوئی۔ گلہ اور طرح طرح کی شرارتیں کرتی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جب عورتیں آپکی مرید ہونے کو آتی تھیں تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا سورة ممتحنہ پارہ ۲۸- یاایھا النبی اذا جاءک المومنات یبایعنک علیٰ ان لا یشرکن باللہ- الی الاٰیة یعنے اے محمدؐ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) جب تیرے پاس مومن عورتیں اس غرض کیواسطے آویں کہ وہ تجھہ سے بیعت کریں پس اون سے یہ اقرار لیکر بیعت کر کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نکرو۔ یعنے کوئی منّت اور نذر غیر اللہ کی نہ مانیں اور نہ غیر اللہ سے مرادیں مانگیں چوری نکریں۔ زنا نکریں ہاتھہ کا زنا۔ کان کا زنا۔ ناک کا آنکھہ کا اور وہ زنا تو بدرجہ اولیٰ نکریں

جسے عام زنا یا بدکاری کہتے ہیں اپنی اولاد کو قتل نکریں اولاد کو قتل کرنے کی کئی راہیں ہیں اول تو اوسوقت کئی عورتیں اپنی لڑکیوں کو جب وہ پیدا ہوتی تھیں مار ڈالتی تھیں۔ چنانچہ اب بھی میں دیکھتا ہوں کہ ایسا ہوتا ہے دوئم اولاد ہونے کے بعد ایسی دوا کھاتی ہیں کہ جو مانع حمل ہو تیسرا حمل کا گرا دینا چہارم اگر لڑکیاں بیمار ہو جاویں تو اونکا علاج نکرنا اور یہہ کہنا کہ انکو موت کہاں آتی ہے۔ پھر بہتان باندہنے سے باز آؤ۔ بہتان وہ عیب کی بات ہے کہ جو کسی شخص میں نہ ہو اور اوس پر وہ عیب لگایا جاوے وہ بہتان جو تم اپنے ہاتھوں اور پاؤں سے بنائی ہو۔ اور بھلے کاموں میں تیری نافرمانی نہ کریں۔ پھر ایسی عورتوں کے واسطے مغفرت مانگ۔ پس ہر ایک عورت کا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مرید ہونا چاہتی ہے۔ یا اپنے آپ کو مرید سمجھتی ہے یعنے مسلمان کہلاتی ہے ضروری ہے کہ وہ ان بری باتوں کو چھوڑ دے ورنہ وہ نام کی ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے استغفار میں شامل ہوکر خدا تعالےٰ کے فضل و کرم سے حصہ نہیں لے سکتی۔

غور کرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس قرآن کریم کے پہونچانے میں کتنی کتنی مصبتیں بھی آئیں آخر حضور نے اسکو پہونچایا۔ مگر میں دیکھتا ہوں کہ تم میں سے کوئی بھی ایسی نہیں جسنے صرف خدا تعالیٰ کی رضا مندی حاصل کرنے کے لئے سارے قرآن کو ایکبار بھی سمجھ کر پڑہا ہو یا سنا ہو۔ ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں تھی جسکو کافروں نے کہا کہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دے مگر اوسنے انکار کیا اس پر اون شریروں نے اوس کی شرمگاہ میں برچھی ملکر گلے سے نکالی اوسکا خاوند دیکھتا تھا اوسے کہا تو بھی گالی دے ورنہ تیرا بھی ایسا ہی حال ہوگا چنانچہ اوس نے بھی انکار کیا اور اونہوں نے اوسکی ایک ٹانگ ایک اونٹ سے اور دوسری دوسرے سے باندہ کر اون کو الگ الگ چلا دیا اور اوسکو اسطرح پر پھڑوا کر مروا ڈالا۔ دیکہو وہ کیسے مبارک لوگ تھے اس قرآن کریم اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خاطر کیا کیا تکلیفیں برداشت کیں۔ اگر تمہارے کسی پیارے شخص کی کوئی چٹھی آوے تو جب تک تم اوسے پڑہ یا پڑہا نہ لو تمہیں چین نہیں آتا۔ قرآن اللہ تعالیٰ کی چٹھی اور پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جیسا عظیم الشان شخص لانیوالا مگر اوسکی کچھ پرواہ نہیں کی جاتی۔ پیاریو اللہ تعالیٰ بڑا نکتہ گیر اور نکتہ نواز ہے ہر وقت اوس سے ڈرنا چاہیئے۔ میں تمہیں ایک آپ بیتی کہانی سناتا ہوں شاید تم میں سے کوئی نیک بی بی نصیحت پکڑے میری والدہ صاحبہ نے ۸۰ برس تک قرآن پڑہایا اور اونکے ہم نو بچہ تھے۔ ہمارے ہاں ایک بڑا مال و اسباب اور کتب خانہ بھی تھا۔ جن دنوں روس اور روم کی لڑائی ہو رہی تھی مینے اپنی والدہ سے ایک روز کہا کہ اچھا ہو اگر تم اپنا ایک بچہ اسوقت قربان کردو اور اسے مسلمانوں کی مدد کے لئے لڑائی میں بھیجدو۔ خواہ میں ہی کیوں نہ ہو میری والدہ نے کہا کہ این یا میرے جیتے جی اتم مجھ سے الگ ہو جاؤ نہیں ہو سکتا اوس کا نتیجہ یہہ ہوا کہ وہ سب اولادیں بجز میرے اونکی زندگی میں فوت ہو گئیں ایک روز میں اوس کتب خانہ کے مکان میں لیٹا ہوا تھا جب کہ وہ بالکل خالی پڑا تھا میری والدہ صاحبہ وہاں آئیں۔ اور اونہوں نے اوس حالت کو دیکھکر بہت بلند آواز سے کہا کہ انا للہ وانا الیہ راجعون مینے کہا کہ اماں یہ آواز کی بلندی بے صبری سے معلوم ہوتی ہے۔ مجھے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ تمہارے مرنے پر شاید میں بھی نہ پاس ہونگا یا اسی کے قریب الفاظ ہیں چنانچہ ایسا ہی ہوا جب اونکا انتقال ہوا۔ تو میں کہیں دور تھا غرض اللہ تعالیٰ بڑا ہی بے نیاز اور نکتہ نواز ہے تم اپنے الفاظ سمجھ کر خدا سے ڈر کر موتہہ سے نکالا کرو۔ پہر میں دیکھتا ہوں کہ عورتیں اللہ تعالیٰ کے احکام کی بالکل پرواہ نہیں کرتیں اور اپنے رسومات کی ایسی پابند ہیں جسکی کچھ حد نہیں ہے ہمارے پڑوس میں ایک عورت کے گھر میں بچہ پیدا ہوا ہے میرا دل اس بات کو دیکھ کر حیران ہوتا ہے کہ اوس نے اپنی کسی منت کیواسطے قبل از تولد اور عین تولد پر تو بکرے ذبح کردے مگر جو امر مسنون اور ساتویں دن عقیقہ کرنیکا حکم تھا اوسکے واسطے اوسکے پاس خرچ نہیں کبھی اوس لڑکے کا باپ آویگا تو شاید کریگا ایک اور عورت ہمارے پڑوس میں رہتی ہے کہ جو اپنی اولاد کو ایسی ایسے خطرناک الفاظ سے پکارتی ہے کہ اگر اسکے ساتھ اللہ تعالیٰ کے فرشتہ آمین کہنے میں شامل ہوویں اور آمین کہدیں اور اوسکی وہ بددعا قبول ہو جاوے تو شاید اللہ تعالیٰ پر اوسے کتنی بڑی بدظنی اور ناراضی ہو۔ آیات میں جو مینے پڑہ کر سنائیں ہیں اللہ تعالیٰ ایک خاص صابر آدمی کا ذکر فرماتا ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ایک بیوی تھی جسکا نام ہاجر تھا اور وہ شاہ مصر کی لڑکی تھی اوسکے باپ نے اوسے بہت بڑی دولت اور مال دیکر بیاہ دیا تھا وہ چھوٹی عمر کی تھیں اور اونکو حمل ہوگیا جب حمل ہوگیا تو حضرت ابراہیم کی پہلی